https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | ہفتہ 4 جولائی 2026ء | 18 محرم 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 92

dailybalochistanobserver@gmail.com

پاکستان، ترکیہ کا بحری اموور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

مضبوط بحری اور ٹرانسپورٹ نیٹ ورک نہ صرف تجارت کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے بلکہ علاقائی روابط کو مستحکم کرنے اور طویل المدتی معاشی ترقی کی راہ ہموار کرنے میں بھی اہم کردار ادا کریں گے

اقتصادی روابط کے استحکام، جدید انفراسٹرکچر کی ترقی اور پائیدار معاشی نمو کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے' تعاون کے فروغ سے پاکستان اور ترکیہ کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم ہوگی اور خطے میں اقتصادی خوشحالی کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ترکیہ نے بحری امور اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کرتے ہوئے اقتصادی روابط کے استحکام، جدید انفراسٹرکچر کی ترقی اور پائیدار معاشی نمو کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزارت سے جاری پریس ریلیز کے مطابق جمعہ کو یہ اتفاق رائے استنبول میں وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری اور ترکیہ کے وزیر ٹرانسپورٹ و انفراسٹرکچر عبدالقادر اورال اوغلو کے درمیان ہونے والی ملاقات میں طے پایا۔ ملاقات کے دوران دونوں وزراء نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان جاری تعاون کا جائزہ لیا اور بحری امور، ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر اور لاجسٹکس کے شعبوں میں اشتراک کو مزید وسعت دینے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

پریس روڈ پلازہ کے دکانداروں کو آتشزدگی نقصانات کا ممکن معاوضہ فراہم کیا جائیگا، جعفر مندوخیل

جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے ہمارا صوبہ بعض اوقات قدرتی آفات، دہشت گرد حملوں، ٹریفک حادثات اور آتشزدگی کے واقعات کا بھی شکار رہتا ہے

بلوچستان کے نوجوانوں شدید غربت اور بیروزگاری کی وجہ سے مختلف مسائل کے شکار ہیں' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے ہمارا صوبہ بعض اوقات قدرتی آفات، دہشت گرد حملوں، ٹریفک حادثات اور آتشزدگی کے واقعات کا بھی شکار رہتا ہے۔ حکومت کسی بھی مشکل وقت میں اپنے عوام کو تنہا نہیں چھوڑتی۔ حکومت کی جانب سے دہشت گرد حملے یا پلازہ میں آتشزدگی جیسے واقعات میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات کی تلافی کے باعث متاثرین کو (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی ایران کے مرحوم سپریم لیڈر کے جنازے میں شرکت

نمازِ جنازہ میں شرکت کے بعد وزیراعظم ترکیہ کے دورے پر روانہ ہوگئے

تہران (این این آئی) اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کی دعوت پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلامی جمہوریہ ایران کے مرحوم سپریم لیڈر، آیت (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے دورے پر استنبول پہنچ گئے

استنبول (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے دوطرفہ دورے پر استنبول پہنچ گئے۔ استنبول کے اتاترک (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

مشرق وسطیٰ میں سعودی قیادت میں نیا اتحاد، پاکستان بھی شامل

اسرائیلی رپورٹس اس اتحاد کو توسیع پذیر ''اسلامک نیٹو'' قرار دے رہے ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں سعودی عرب کی قیادت میں ایک نیا اتحاد تشکیل پایا ہے جس میں قطر ترکیہ مصر اور پاکستان شامل ہیں۔ امریکی جریدے فارن پالیسی کے مطابق مشرق وسطیٰ میں ایران کے ساتھ جنگ نے خلیجی ریاستوں کو شدید نقصان پہنچایا، ان کی (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

غزہ میں اسرائیلی حملوں سے شہدا کی تعداد 73 ہزار 74 ہوگئی

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 73 ہزار (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینٹر جان بلیدی ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان، شیرانی میں مسافر بس کھائی میں گرنے سے 40 افراد جاں بحق، آٹھ افراد زخمی

بس 70 فٹ سے زیادہ گہری کھائی میں گری جس کے نتیجے میں اس کا ڈھانچہ مکمل طور پر تباہ ہوگیا' جنہیں نکالنے کے لیے ریسکیو اہلکاروں کو مشکل کا سامنا کرنا پڑا' ریسکیو 1122 مانی خواہ شیرانی کے انچارج ثنا اللہ

ضلع کے سول ہسپتال اور ٹراما سینٹر میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی جبکہ ژوب سے 20 ایمبولینسیں بھی جائے وقوعہ روانہ کی گئی' حادثے کی جگہ سے 40 لاشیں نکال لی گئی ہیں مرنے والوں میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں

کوئٹہ / ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی + این این آئی) بلوچستان کے ضلع شیرانی میں مسافر بس کھائی میں گرنے سے کم از کم 40 افراد جاں بحق جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوگئے۔ حکام کے مطابق حادثہ جمعے کی صبح کوئٹہ سے تقریباً 400 کلومیٹر دور بلوچستان کے ضلع شیرانی کے پہاڑی علاقے دہانہ سر میں پیش آیا جہاں کوئٹہ سے پشاور جانے والی ایک مسافر بس ڈرائیور سے بے قابو ہوکر گہری کھائی میں جا گری۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حضرت علی کاکڑ نے بتایا کہ حادثے میں 40 افراد جاں بحق اور آٹھ زخمی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ تمام زخمیوں کو ریسکیو کرلیا گیا اور انہیں ژوب منتقل کیا جا رہا ہے۔ جائے وقوعہ پر موجود ریسکیو 1122 مانی خواہ شیرانی کے انچارج ثنا اللہ نے ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے بتایا کہ بس 70 فٹ سے زیادہ گہری کھائی میں گری جس کے نتیجے میں اس کا ڈھانچہ مکمل طور پر تباہ ہوگیا۔ کئی مسافر اس تباہ شدہ بس کے ڈھانچے کے اندر بری طرح پھنس گئے تھے جنہیں نکالنے کے لیے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

مسافروں سے تلخ کلامی کے بعد ڈرائیور نے جان بوجھ کر کوچ کھائی میں گرادی' زخمی مسافر

ژوب (این این آئی) بلوچستان کے علاقے ژوب میں بس حادثے میں زخمی ہونے والے مسافر نے ڈرائیور پر کوچ جان بوجھ کر کھائی میں گرانیکا الزام عائد کردیا۔ شیرانی کے قریب دانہ سر میں بس حادثے میں زخمی مسافر نے ویڈیو بیان میں بتایا کہ کوچ ڈرائیور ایرانی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

تہران' وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی ملاقات کر رہے ہیں

ملک بھر میں مون سون بارشوں سے 17 افراد جاں بحق، 41 زخمی ہوئے: این ڈی ایم اے

خیبر پختونخوا میں 9، پنجاب میں 4 اور بلوچستان میں 4 افراد جاں بحق ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق ملک بھر میں جاری مون سون بارشوں کے باعث جانی و مالی نقصانات بارے رپورٹ جاری کردی گئی جس کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوئے۔ این ڈی ایم اے کے اعداد و شمار کے مطابق 26 جون سے اب تک بارشوں سے (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی جانب سے پرتگال کو زیتون کی ویلیو چین میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کی پیشکش

رانا تنویر حسین کی پرتگال کے وزیر زراعت سے ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے لزبن میں پرتگال کے وزیر برائے زراعت و بحری امور عزت مآب مسٹر جوزے مینوئل فرنانڈس سے اعلیٰ سطحی ملاقات کی جس میں زراعت، غذائی تحفظ، زیتون کے شعبے کی ترقی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ زرعی نظام کے فروغ کے حوالے سے دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر نے دونوں ممالک کے درمیان (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

عوام کے تحفظ کیلئے جامع قومی حکمت عملی، متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے

شہباز شریف

متعدی امراض کے فوری سدباب کیلئے ملک بھر میں غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے

قومی سطح پر جامع حکمت عملی کی تشکیل اور اس پر مؤثر عمل درآمد ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے' وزیراعظم کی متعدی امراض کے پھیلاؤ کے سدباب کیلئے غیر معیاری سرنجز پر مکمل پابندی لگانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں ایڈز اور ہیپاٹائٹس سی جیسے متعدی امراض کے بڑھتے ہوئے خطرات پر قابو پانے کیلئے غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کے تحفظ کیلئے جامع قومی حکمت عملی، مؤثر قانون سازی اور متعلقہ اداروں کے درمیان قریبی تعاون ناگزیر ہے۔ جمعہ کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایڈز اور (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ کی سلیکون ویلج کے سی ای او اور چینی وفد سے ملاقات

پاکستان ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی کے شعبوں میں نمایاں صلاحیت رکھتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ، جناب قیصر احمد شیخ نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں بریگیڈیئر عابد چیمہ، سی ای او دی (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ایئر چیف کا دورہ بیلاروس، دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

منسک (این این آئی) پاکستانی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کے دورہ بیلاروس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کو مزید وسعت (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

بس حادثے میں متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت مہیا کی جائے، سرفراز بگٹی

حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا المناک مسافر بس حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے سرحدی علاقے دانہ سر میں پیش آنے والے المناک مسافر بس حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی حکومت بلوچستان نے متعلقہ اداروں کو فوری طور پر ریسکیو اور امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

تہران' وزیراعظم شہباز شریف ایران کے سابقہ سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

یوریا درآمد تنازع کا اختتام، سپریم کورٹ نے ٹریڈنگ کارپوریشن کے حق میں فیصلہ دیدیا

عدالت عظمیٰ نے سندھ ہائیکورٹ کا پرفارمنس گارنٹی واپس کرنے کا حکم کالعدم قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کی اپیل منظور کرتے ہوئے اس کے حق میں فیصلہ دے دیا جبکہ کمپنی کی اپیل مسترد کردی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کا فیصلہ سنایا، 21 صفحات پر مشتمل فیصلہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے تحریر کیا۔ عدالت نے سندھ ہائیکورٹ کا پرفارمنس (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

حکومت تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کیلئے سنجیدہ ہے، وزیر خزانہ

تاجر اور چیمبرز ٹیکس وصولی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے ایف بی آر کیساتھ تعاون کریں' محمد اورنگزیب

فیصل آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے بڑے چیمبرز آف کامرس میں جا کر تاجروں اور صنعتکاروں کے مسائل سن رہی ہے اور ان کے حل کے لیے بھرپور دلجمعی سے کام کیا جا رہا ہے۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ وفاقی بجٹ کی تیاری میں (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

یہودی آبادکاروں نے فلسطینی خاندان سمیت گھر کو آگ لگادی

غزہ (این این آئی) اسرائیلی انسانی حقوق کی تنظیم یش دین نے ایک (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

بس میں اپنے مسافروں کے علاوہ دوسری خراب بس کے مسافر بھی سوار تھے' شاہد رند

حکومت بلوچستان اس المناک سانحے پر جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے' معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقے دانہ سر میں پیش آنے والے المناک مسافر بس حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثے میں اب تک 40 افراد جاں بحق جبکہ 8 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کی مضبوط سفارت کاری کی فتح ہے، عاصم افتخار

نیو یارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقبل مندوب نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مضبوط اور پرعزم سفارت کاری کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اسرائیل ایرانی مذاکرات کاروں کو اسلام آباد دورے کے دوران نشانہ بنانے کا منصوبہ بنا رہا تھا، امریکی اخبار

پاکستانی ایئر فورس کے جہازوں نے ایرانی وفد کے جہاز کو ایران سے پاکستان اور پاکستان سے ایران تک حصار میں رکھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ اسلام آباد امن مذاکرات کیلئے ایرانی وفد کے دورے کے دوران اسرائیل ایران کے اعلیٰ مذاکرات کاروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق اسرائیل کا ایرانی وزیر خارجہ عباس (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

فرانس میں شدید گرمی کی لہر نے تباہی مچادی، ہلاکتیں 2 ہزار سے زائد ہوگئیں

جون کے آخری ہفتے کے دوران بیلجیئم میں تقریباً 1,200 اور نیدرلینڈز میں 480 کے قریب اموات رپورٹ ہوئی ہیں

اضافی اموات کا زیادہ تر بوجھ 45 برس سے زائد عمر کے افراد پر پڑا جبکہ 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد سب سے زیادہ متاثر ہوئے

پیرس (این این آئی) فرانس میں جون کے آخری ہفتے کے دوران ریکارڈ توڑ گرمی کی لہر جان لیوا ثابت ہوئی جہاں اب بھی اموات کا سلسلہ جاری ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فرانس کی قومی صحت ایجنسی سانتے پبلک فرانس نے بتایا کہ 22 سے 28 جون کے دوران ملک میں مجموعی طور پر 2 ہزار 25 اموات ریکارڈ ہوئیں جو اس سے گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں تقریباً 29 فیصد زیادہ ہیں۔ بیان میں کہا (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

امریکا کی دہشتگرد حملوں کیخلاف پاکستان کے حق دفاع کی حمایت

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے دہشتگرد حملوں کے خلاف پاکستان کے حق دفاع کی حمایت کردی۔ خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

تاجر ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث تین مبینہ ملزمان کو پولیس نے گرفتار کرلیا

گرفتار تینوں مبینہ ملزمان سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ کے رہائشی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے بلیلی میں ایک ہفتہ قبل مقامی (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

صوبائی کوآرڈینیٹر توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات EPI، ڈاکٹر آفتاب کاکڑ حفاظتی ٹیکہ منصوبے SRIP کی ماہانہ پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بس حادثے میں 40 افراد کے جاں بحق ہونے کا واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے' صادق عمرانی

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ریسکیو ٹیموں نے بروقت کارروائی کی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا فربس حادثے کی وجوہات اور حقائق جاننے کیلئے باضابطہ تحقیقات کا حکم

تحقیقات میں کسی قسم کی غفلت یا لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ دار عناصر کا تعین قانون اور حقائق کی روشنی میں کیا جائے گا

تحقیقات کی روشنی میں مستقبل میں عوام کے محفوظ سفر کے لیے ضروری اصلاحات اور حفاظتی اقدامات پر مؤثر عملدرآمد کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے دانہ سر کے مقام پر پیش آنے والے المناک مسافر بس حادثے کی وجوہات اور حقائق جاننے کیلئے باضابطہ تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان کو واقعے کی مکمل تحقیقات، تمام حقائق کی جانچ پڑتال اور حادثے کے اسباب پر جامع رپورٹ مرتب کرکے پیش کرنے کی ہدایت جاری کردی گئی ہے معاون وزیر اعلیٰ (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

ثالثی سرمایہ کاری، معاشی ترقی اور انصاف کے نظام میں اصلاحات کی کلید ہے، بیرسٹر عقیل ملک

پاکستان میں ایک جدید، موثر اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار نظامِ انصاف کو فروغ دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ ثالثی سرمایہ کاری، معاشی ترقی اور انصاف کے نظام میں اصلاحات کی کلید (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

پنجگور سب تحصیل گچک میں شدید بارش سے بڑے پیمانے پر تباہی، مینداروں کو بھاری نقصان

متاثرہ علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر سروے کرایا جائے، نقصانات کا مکمل تخمینہ لگایا جائے

چیئرمین تحصیل گچک حافظ زاہد حسین کا فوری سروے اور امدادی کارروائیوں کا مطالبہ

پنجگور (این این آئی) پنجگور کی دیہی علاقہ سب تحصیل گچک میں شدید بارش سے بڑے پیمانے پر تباہی، زمینداروں کو بھاری نقصان، چیئرمین تحصیل گچک حافظ زاہد حسین کا فوری سروے اور امدادی کارروائیوں کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کو تحصیل گچک، ضلع پنجگور میں ہونے والی شدید بارش نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ موسلا دھار بارش کے نتیجے میں متعدد زمینداروں کے سولر سسٹمز، زرعی اراضی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں، علیم خان

حکومت بنانے کا موقع ملا تو کشمیر کو پاکستان کی خوبصورت ترین وادی بنا دیں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سربراہ عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ کشمیر میں جتنی جماعتیں برسر اقتدار رہیں، وہ اپنے منشور پر عمل نہ کرا سکیں۔ اپنے بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ آزاد کشمیر انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں، پارٹی میں شامل ہونے والے افراد کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر پاکستان کا دل اور کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، حکومت بنانے کا موقع ملا تو کشمیر کو پاکستان کی خوبصورت ترین وادی بنا دیں گے۔ (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے امیر جماعت الحسالحین پاکستان صاحبزادہ پیر خالد سلطان سروری القادری کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان کا مسئلہ حل مذاکرات ہی سے ممکن ہے، صادق عمرانی

حکومت اور سیکورٹی ادارے صوبے میں امن وامان قائم کرنے کے حوالے سے ایک پیج پر ہیں

صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے صوبے میں امن وامان قائم کرنے کے حوالے سے ایک پیج پر ہیں' صوبائی وزیر آبپاشی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ کا حل مذاکرات ہی سے ممکن ہے۔ غیر ملکی ادارے کو انٹرویو میں میر صادق عمرانی نے کہا کہ صوبے کی قوم پرست جماعتیں مسائل اور وسائل کی بات کر رہی ہیں۔ ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ اس صوبے میں جو قدرتی وسائل ہیں انہیں نکال کر یہاں کے عوام پر خرچ کیا جائے۔ بدقسمتی سے یہاں کے قدرتی وسائل پر یہاں کے عوام کی دسترس نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور مسلح تنظیمیں طاقت کی استعمال سے گریز کریں (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ میں 11 طیارے گرائے گئے، ٹرمپ نے مودی کے زخم پھر تازہ کردیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاک بھارت جنگ میں طیاروں کے گرائے جانے کا ذکر کر (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے کوارڈینیٹر وزیر اعظم یوتھ افیئرز بلوچستان حیدر خان اچکزئی اور عبدالمتین سانگزئی ملاقات کر رہے ہیں

وینزویلا میں زلزلوں سے ہلاکتیں 2,595 ہوگئیں، لاگوئیرا میں تمام سرکاری اہلکار جان کی بازی ہار گئے

کراکس (این این آئی) وینزویلا کی عبوری صدر روڈریگز نے بتایا ہے کہ ملک میں زلزلوں کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

افسوسناک سانحہ پوری قوم کیلئے انتہائی دردناک ہے، علی مدد جتک

امدادی کارروائیوں میں مزید تیزی لاتے ہوئے زخمیوں کے بہترین علاج اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مدد کو یقینی بنایا جائے

دانہ سر میں پیش آنے والا افسوسناک سانحہ پوری قوم کے لیے انتہائی دردناک ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے دانہ سر کے مقام پر پیش آنے والے المناک مسافر بس حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ یہ افسوسناک سانحہ پوری قوم کے لیے انتہائی دردناک ہے۔ انہوں (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

سیدال خان ناصر کا ژوب میں مسافر بس حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار

دکھ اور غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں گن پوائنٹ پر چھینی گئی موٹر سائیکل موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی سے برآمد

عوامی خدمت کے اپنے مشن کو پوری ذمہ داری، خلوص اور پیشہ ورانہ انداز میں جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گن پوائنٹ پر چھینی گئی موٹر سائیکل موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی سے برآمد کرلی۔ ترجمان نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے مطابق جمعہ کی صبح سیکٹر-III کے افسران معمول کی گشت پر مامور تھے کہ ایک شہری نے اطلاع دی کہ چند لمحے قبل نامعلوم موٹر سائیکل سوار گن پوائنٹ پر اس سے موٹر سائیکل چھین کر بلیلی کی جانب فرار ہو گئے ہیں۔ اطلاع موصول ہوتے ہی موٹروے پولیس نے فوری طور پر (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

قطر میں امریکا اور ایران کے مذاکرات میں مثبت پیش رفت

قطر میں امریکا اور ایران کے مذاکرات میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے جس میں فریقین نے جلد اگلے دور کی بات چیت پر آمادگی ظاہر کر دی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق قطر اور پاکستان کے ثالثوں نے دوحہ میں امریکی اور ایرانی مذاکرات کاروں سے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت سے متعلق امور پر مثبت پیش رفت ہوئی۔ مذاکرات میں لیک لوسرن سربراہی اجلاس کے بعد ہونے والی پیش رفت کو آگے بڑھایا گیا اور مختلف اہم نکات پر تعمیری تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی سپریم لیڈر کی تدفین کے بعد مذاکرات کی نئی تاریخ طے کی جائے گی، فریقین نے آئندہ بھی مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ دوسری جانب قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان جاری بالواسطہ مذاکرات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے تاہم دونوں ممالک نے آئندہ دور کی بات چیت ایران کے سابق سپریم لیڈر کی آخری رسومات کے بعد دوبارہ شروع کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے امریکہ میں صحافیوں کو بتایا کہ بات چیت میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والی ٹریفک سے متعلق تفصیلات شامل تھیں۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ ظاہر ہے ہم جوہری مسئلے کے حوالے سے فکرمند ہیں، ہم اس بارے میں بات چیت شروع کرنے جا رہے ہیں۔ قطری وزیر خارجہ شیخ محمد نے ایرانی مذاکرات کار کاظم غریب آبادی اور دیگر ایرانی حکام سے بھی ملاقات کی، جس میں پاکستانی ثالث بھی موجود تھے۔ کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ایرانی وفد کی امریکی فریق کے ساتھ کوئی براہ راست بات چیت نہیں ہوئی اور ثالثوں کے ساتھ ان کی بات چیت کا محور لبنان اور ایران کے کچھ منجمد اثاثے واپس کرنے کے منصوبے تھے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے مشرق وسطیٰ کی جنگ کے خاتمے پر تہران اور واشنگٹن کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر عمل درآمد کے حوالے سے دوحہ میں ہونے والے مذاکرات کے اختتام کا اعلان کیا۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی نے غریب آبادی کے حوالے سے بتایا کہ شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مفاہمت کی یادداشت کی خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے اور انہیں ریکارڈ کرنے کیلئے آج تک مواصلاتی چینل قائم کر لیا جائے گا ادھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ قطر میں ایران کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات میں پیش رفت ہو رہی ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت اس امر کی ابتدائی علامت ہے کہ حالیہ جھڑپوں کے بعد سفارت کاری برقرار ہے جس نے مشرق وسطیٰ کی جنگ کے خاتمے کی کوششوں کو خطرے میں ڈال دیا تھا۔ ٹرمپ نے ایئر فورس ون پر سوار ہونے سے پہلے صحافیوں کو بتایا کہ جہاں تک حالات کا تعلق ہے تو ایران کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کا عمل اچھی طرح آگے بڑھ رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قطر اور پاکستان کی ثالثی میں طے پانے والی اور گذشتہ ماہ سوئٹزرلینڈ کے شہر لوسرن میں ہونے والے سربراہی اجلاس میں حتمی شکل دی جانے والی مفاہمت کی یادداشت میں 60 دن کی جنگ بندی، بند کی گئی آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا اور جنگ اور ایران کے جوہری پروگرام پر حتمی معاہدے کیلئے ٹائم ٹیبل شامل ہے۔

نظام معاشرت

احساس انسانی زندگی کا محور ہے جس کے گرد سارا نظام حیات چلتا ہے اگر احساس نکال دیا جائے تو انسان اور حیوان میں کوئی فرق نہیں، یہ احساس ہی ہے جو ہمیں رشتوں کا تقدس، ذمہ داریوں سے آگاہی اور ایک بامقصد زندگی کا تصور دیتا ہے، احساس اور ضمیر کا آپس میں گہرا تعلق ہے بلکہ ایک لحاظ سے تو یہ ایک ہی چیز کے دو نام ہیں ایک بے ہنگم ہجوم کی صورت اختیار کر جاتا ہے جہاں صرف اپنی ذات اور نفسی خواہشات کی اہمیت رہ جاتی ہے یہ احساس ہی ہے جو خود احتسابی اور ذمہ داری سے آشنا کرتا ہے، ہمارا معاشرہ مجموعی طور پر آج پستی کا شکار ہے جس کی بڑی وجہ تیزی سے بڑھتی ہوئی بے حسی بھی ہے اگر ہم ہر طرف نظر دوڑائیں تو ذاتی سوچ مجموعی سوچ اور مفاد ضرر حاوی نظر آتی ہے۔

ہمارا معاشرتی اور خاندانی نظام دنیا جہاں کے لیے ایک نمونہ ہوا کرتا ہے جہاں احساس، اخوت، تقدس، رواداری اور جذبہ ایثار سب سے نمایاں اقدار ہوتی تھیں، لوگ اس نظام پر نہ صرف رشک کیا کرتے تھے بلکہ تقلید کی کوشش بھی کرتے تھے، یہ اقتدار ہماری اسلامی اقدار سے بھی مطابقت رکھتی تھیں آج بدقسمتی سے معاشرے سے احساس ختم ہوتا جا رہا ہے ہم دوسرے پر تنقید بھی کرت ہیں اور بہتری کی توقع بھی رکھتے ہیں مگر خود ایسا کرنے کو تیار نہیں، ہر کوئی یہ سوچتا ہے کہ دوسرا ٹھیک ہو جائے تو ٹھیک ہی ہوں اور نتیجتاً سارا معاشرہ بگاڑ کی طرف گامزن ہے، کوئی بدانتظامی، اقربا پروری، بدعنوانی اور اختیار سے تجاوز کی شکایات کرتے ہیں مگر ایسا کرتے ہوئے یہ نہیں سوچتے کہ وہ اپنی اپنی

رابعہ رحمٰن

حیثیت میں خود بھی تو حکومت کا حصہ ہیں، اگر کسی سرکاری ہسپتال میں صفائی کا نظام ٹھیک نہیں، انتظام و انصرام خراب ہے، مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں تو ذمہ دار اس ہسپتال کا انچارج ہے جو تمام مراعات سے لطف اندوز ہو رہا ہے یا پھر اس صوبے کا وزیر اعلیٰ، اگر مریضوں کے وارڈز میں لگے ایئر کنڈیشنرز انتظامیہ سے متعلق افراد کے گھروں میں لگے ہیں تو کون مورد الزام ہے۔

ستم ظریفی یہ ہے کہ وہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بھی محفلوں میں حکومت کو برا بھلا کہہ رہا ہوگا جبکہ اپنی ذمہ داریوں کے متعلق وہ جواب دینے کے لیے تیار نہیں، اگر کسی عوامی پارک میں جھولا گر جاتا ہے اور قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں تو ذمہ دار متعلقہ محکمہ یا ضلع کا سربراہ ڈی سی او ہے یا اس صوبے کا انتظامی سربراہ یقیناً سب سے اعلیٰ عہدے پر فائز شخص اس سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا مگر ہر حکومتی انتظامی سربراہی بھی حکومت کا حصہ ہی ہوتا ہے، اگر انتظامی سربراہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ایمانداری سے کام کرے تو حالات ایسے نہ ہوں جیسے کہ ہمیں نظر آتے ہیں بے حسی کا عالم تو یہ ہے کہ اپنے سامنے غلط کام ہوتے ہوئے دیکھ کر بھی ہم اسے نہیں روکتے جبکہ ہم میں سے کچھ تو ایسا کرنے کا اختیار بھی رکھتے ہیں، اختیارات کا نہ ہونا، فنڈز کی عدم دستیابی یا سیاسی مداخلت جیسے جواز بھی بہرحال موجود رہتے ہیں مگر یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ میسر اختیارات اور وسائل کے اندر رہتے ہوئے بھی بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔ خالصتاً انتظامی معاملات میں تو ایسا ہر وقت ممکن ہوتا ہے۔ ملازمین موجود ہیں مراعات بھی لے رہے ہیں گ مگر کام کرنے کو تیار نہیں کیونکہ انھیں کوئی پوچھنے والا نہیں۔

دوسروں پر تنقید ہمارے ہاں سب سے آسان کام نظر آتا ہے مگر بامقصد تنقید بہت کم نظر آتی ہے۔ میڈیا بھی ہر وقت کمزوریاں اور منفی پہلوں کو اجاگر کرتا نظر آتا ہے کیونکہ اس کا مقصد بھی ذاتی تشہیر اور ریٹنگ میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں خبر کا مطلب ہے منفی چیز جبکہ معاشرے میں ہر وقت بہت سے اچھے کام بھی ہو رہے ہوتے ہیں مگر یا تو وہ خبر نہیں بنتے اور اگر بنتے بھی ہیں تو ایسی خبر ڈھونڈنی پڑتی ہے۔ سکولوں اور کالجوں میں اساتذہ اگر اپنا کام ٹھیک طریقے سے نہیں کرتے تو انھیں کون سمجھائے یا بتائے کیونکہ انھیں تو خود ایک مثال ہونا چاہیے۔ اگر ہر سکول یا کالج پرنسپل اپنا کام ٹھیک طریقے سے کرے تو نظام تعلیم میں نظر آنے والی بہت سی خامیوں پر قابو پایا جا سکتا ہے، یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ سکول اور کالج کا پرنسپل بھی حکومت کا حصہ ہوتا ہے، ہر کوئی اپنا حق تو مانگتا ہے اور اس سے آشنا بھی ہے مگر ذمہ داری کا احساس کرنے کو تیار نہیں، حقوق حاصل کرنے کے لیے تو احتجاج بھی ہوتے ہیں اور مظاہرے بھی کیے جاتے ہیں مگر کبھی کسی نے ذمہ داریوں اور فرائض کی بجا آوری کے لیے بھی مظاہرہ کیا ہے، اپنی ذمہ داری کا احساس نہ کرنا بھی ایک بہت بڑی بددیانتی ہے جو بنیادی طور پر دوسری برائیوں کو جنم دیتی ہے نہ صرف یہ کہ ہمیں اپنی اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرنا ہے بلکہ دوسروں کو بھی ان کی ذمہ داریوں اور فرائض سے آگاہی کروانا ہے تبھی معاشرہ ٹھیک ہوگا۔ حکومت وقت کا بھی فرض ہے کہ کام چور اور اپنے فرائض سے پہلوتہی کرنے والے اعلیٰ عہدے داروں کا قرار واقعی سزا دے جو کہ دوسروں کے لیے سبق آموز ہو

☆☆☆

وفاق المدارس العربیہ پاکستان۔ دینی تعلیم، اتحادِ امت اور علمی وقار کی عظیم علامت

وفاق المدارس العربیہ پاکستان برصغیر کے دینی تعلیمی اداروں کا سب سے بڑا اور مؤثر تعلیمی وفاق ہے جس نے نصف صدی سے زائد عرصے سے قرآن وسنت کی تعلیم، دینی مدارس کے تعلیمی معیار، علمی وقار اور فکری اعتدال کے فروغ میں

نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ یہ صرف ایک امتحانی بورڈ نہیں بلکہ لاکھوں طلبہ، ہزاروں مدارس اور علماءِ کرام کے درمیان اتحاد، اعتماد، نظم اور اجتماعی شعور کی ایک مضبوط علامت ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیرِ اہتمام ملک کے طول وعرض میں ہزاروں دینی مدارس وابستہ ہیں جہاں لاکھوں طلبہ قرآنِ کریم، حدیثِ نبویؐ، فقہ، تفسیر، عربی زبان اور دیگر اسلامی علوم کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ان مدارس سے فارغ التحصیل علماء دنیا کے مختلف ممالک میں دینِ اسلام کی خدمت، دعوت وتبلیغ، اصلاحِ معاشرہ، تدریس اور تصنیف وتالیف کے ذریعے امتِ مسلمہ کی رہنمائی کر رہے ہیں۔ وفاق المدارس کی سب سے بڑی خصوصیت اس کا شفاف امتحانی نظام، معیاری نصاب اور دینی مدارس کی آزادی کا تحفظ ہے۔ ہر سال لاکھوں طلبہ امتحانات میں شریک ہوتے ہیں اور میرٹ کی بنیاد پر نتائج کا اعلان کیا جاتا ہے جس سے اس ادارے کی ساکھ اور عوامی اعتماد مزید مضبوط ہوتا ہے۔ یہ وفاق ہمیشہ اعتدال، رواداری، اخوت اور اتحادِ امت کا داعی رہا ہے۔ اس نے ہر دور میں دینی مدارس کے تشخص کے تحفظ، دینی تعلیم کے فروغ اور علماء وطلبہ کی علمی تربیت کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں۔ ملک میں جب بھی مدارس کو درپیش مسائل سامنے آئے وفاق المدارس نے حکمت، بصیرت اور اجتماعی قیادت کے ذریعے ان کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کیا۔ مدرسہ عربیہ بحرالعلوم گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں ایک تعلیمی تقریب سے جامعہ ھذا کے نائب مہتمم مولانا ندا محمد حقانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے جدید تقاضوں کو بھی پیشِ نظر رکھا ہے اور دینی تعلیم کے ساتھ نظم وضبط، تحقیق، کردار سازی اور معاشرتی ذمہ داری کے شعور کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے وابستہ مدارس صرف علماء ہی نہیں بلکہ باکردار، ذمہ دار اور خدمتِ خلق کے جذبے سے سرشار افراد بھی معاشرے کو فراہم کرتے ہیں۔ آج جب دنیا مختلف فکری اور اخلاقی چیلنجز سے دوچار ہے وفاق المدارس العربیہ پاکستان دینی تشخص، اسلامی اقدار اور علمی روایت کے تحفظ میں ایک مضبوط قلعے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے اکابرین کی اخلاص پر مبنی قیادت، اساتذہ کی محنت اور طلبہ کی علمی کاوشیں اس ادارے کو امتِ مسلمہ کیلئے امید اور اعتماد کا مرکز بناتی ہیں۔

اللہ رب العزت سے دعاء ہے کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کو مزید ترقی، استحکام اور قبولیت عطاء فرمائے، اس کے اکابرین، اساتذہ اور طلبہ کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشے اور اسے دینِ اسلام کی خدمت، امت کے اتحاد اور وطنِ عزیز پاکستان کی فکری و اخلاقی تعمیر کا مؤثر ذریعہ بنائے۔ آمین۔

ابھرتی ہوئی عالمی قیادت عزم، استحکام کی علامت، محمد بن سلمان بن عبدالعزیز

آج مشرقِ وسطیٰ کی تیزی سے بدلتی ہوئی سیاست، عالمی معیشت کے نئے امکانات، نوجوان نسل کی بڑھتی ہوئی امنگوں اور مستقبل سازی کے بڑھتے ہوئے مباحثے کے درمیان محمد بن سلمان کا نام بار بار سنائی دیتا ہے۔ کچھ لوگ وقت کے دھارے کے ساتھ بہتے رہتے ہیں، جبکہ کچھ اس کا رخ موڑنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دنیا کے نقشے اور سیاست میں ہزاروں حکمران، سیاست دان، بااثر شخصیات نظر آتی ہیں لیکن کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو تاریخ اور سیاست کو تبدیل کر سکنے کی سعی رکھتے ہیں آج افق پر ایک ستارہ چمک رہا ہے جو ولی عہد شہزادہ وزیر اعظم سعودی عرب محمد سلمان بن عبدالعزیز ہیں یہ صرف ایک فرد کا نام نہیں بلکہ ایک ایسے دور کی علامت ہیں جس میں سعودی عرب اپنی مضبوط شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو رہا ہے۔ ولی عہد وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے اپنی متحرک اور حقیقت پسندانہ سفارت کاری کے ذریعے عالمی سیاست میں مملکت کے کردار کو ایک نئے اور مثبت رخ پر استوار کیا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کو صرف ایک تیل پیدا کرنے والے ملک کے بجائے بین الاقوامی امن، سلامتی اور اقتصادی تعاون کا ایک بڑا مرکز بنا دیا ہے۔ اپنی مدبرانہ سوچ سے بین الاقوامی ثالثی اور تنازعات میں اہم کردار کے حوالے سے انہوں نے یوکرین اور روس کے درمیان قیدیوں کے تبادلے اور امن مذاکرات کے لیے کامیاب ثالث کا کردار ادا کیا ہے۔ اس کے علاوہ، خطے میں کشیدگی کم کرنے اور یمن و سوڈان جیسے ممالک میں سیاسی استحکام کے لیے ان کی کوششیں نمایاں ہیں۔ مشرقِ وسطیٰ کو نیا یورپ بنانے کے وژن کے تحت پڑوسی اور عالمی ممالک کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے پر زور دیا ہے۔ چین کی ثالثی میں ایران کے ساتھ

امیر محمد خان

سفارتی تعلقات کی بحالی اس کی ایک بڑی مثال ہے، جس سے پورے خطے میں جنگ کے بادل چھٹ گئے۔ ولی عہد نے عالمی اقتصادی نظام کو سہارا دینے، ترقی پذیر ممالک کے قرضوں میں نرمی لانے اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے جی-20 (G20) فورم پر سعودی عرب کی قیادت کو موثر انداز میں پیش کیا ہے۔ آج جب دنیا اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے جائز ناجائز طریقے استعمال کرتی ہے شہزادہ محمد بن سلمان کی خارجہ پالیسی تصادم کے بجائے تعاون، اقتصادی شراکت داری اور انسانی فلاح پر مبنی ہے، جو عالمی برادری میں امن اور توازن کو برقرار رکھنے میں مددگار ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے انقلابی ویژن 2030 متعارف کرایا جس نے سعودی عرب کی معاشی، سماجی رونقوں کو روشن کیا ہے اور سعودی عرب کی معیشت کو یکسر بدل دیا ہے جبکا اہم سعودی عرب کی معیشت کو تیل کے انحصار کو ختم کرنے کا عندیہ دیا ہے معاشی تنوع (Diversification Economic) کے حوالے سے انہوں نے تفریح، سیاحت، ٹیکنالوجی اور مائننگ (Mining) جیسے نئے شعبوں کو کھولا ہے، جس سے غیر ملکی سرمایہ کاری میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ سعودی عرب کے خود مختار فنڈ (PIF) کو دنیا کے سب سے بڑے انویسمنٹ فنڈ میں شامل کیا ہے جو دنیا بھر کے بڑے اداروں اور منصوبوں میں اربوں ڈالر سرمایہ کاری کر رہا ہے عالمی میگا پروجیکٹس: نیوم (NEOM) سٹی، دی لائن (Line The)، اور ریڈ سی (Red Sea) جیسے مستقبل کے انقلابی منصوبوں کی بنیاد رکھی، جو عالمی کاروبار اور سیاحت کے بڑے مراکز بن رہے ہیں۔ خواتین کو سرکاری اور نجی شعبوں میں مواقع فراہم کئے ءانگی ولولہ انگیز قیادت نے پاکستان کے دیرینہ دوست اور مذہبی بھائی کے حوالے سے پاکستان کے ساتھ سٹریٹجک اور مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کر دیا ہے اگر پاکستان حکومت کرپشن پر قابو پالے تو وہ سعودی عرب کو مثال بنا کر پاکستان کو بھی امن، معاشی خوشحالی کا گہوارہ بنا سکتا ہے، سعودی عرب ولی عہد کی قیادت میں تمام اہم اداروں کو کرپشن سے پاک کرنے کے اقدامات کرتا رہتا ہے اور سعودی معاشرے کو کرپشن سے پاک کرنے کا عظم رکھتا ہے۔ پاکستان کے عوام، حکومت سعودی عرب کے ساتھ دوستی پر فخر کرتے ہیں پاکستان کے مشکل معاشی حالات میں سعودی عرب نے ہمیشہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں اربوں ڈالر کے ڈپازٹس رکھوائے اور موخر ادائیگیوں پر تیل فراہم کیا، جس سے پاکستان کو معاشی استحکام ملا۔ اور پاکستان میں بڑی سرمایہ کاری کی سعودی ولی عہد نے پاکستان کے مختلف شعبوں، بالخصوص توانائی (Energy)، ریفائنری، اور زراعت (SIFC کے تحت) میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کے معاہدے کیے ہیں۔ سعودی عرب کے پرامن ماحول میں لاکھوں پاکستانی برسرِ روزگار ہیں۔ ویژن 2030 کے میگا پروجیکٹس میں پاکستانی انجینئرز اور ہنرمندوں کو ترجیح دی جا رہی ہے، جو پاکستان کو زرمبادلہ (Remittances) بھیجنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ اہم معاہدوں پر مثبت عمل درآمد کیلئے اور پاک سعودی کے درمیان تعلقات کو ادارہ جاتی شکل دینے کے لیے "سعودی پاک سپریم کوآرڈینیشن کونسل" قائم کی گئی، جس کی نگرانی خود محمد بن سلمان کرتے ہیں تاکہ تمام معاہدوں پر تیزی سے کام ہو سکے۔ پاکستانیوں کو خوشی ہے کہ محمد بن سلمان کا وژن نہ صرف سعودی عرب کو ایک عالمی معاشی قوت بنا رہا ہے، بلکہ وہ پاکستان کی معاشی ترقی اور استحکام کے لیے بھی ایک مضبوط اور قابلِ اعتماد دوست ثابت ہوئے ہیں۔ سعودی عرب کی جدید وخوبصورت شاہراہوں پر اعتماد سے بھرپور نوجوانوں کے چہروں کو دیکھتے ہوئے یہ احساس ہوتا ہے کہ مملکت میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ محض تعمیر وترقی کا عمل نہیں بلکہ ایک نئی سوچ اور نئے وژن کی تشکیل ہے۔ شہزادہ محمد بن سلمان کے تجربے کو دیکھتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ یہی تصور ان کے سیاسی وژن کا بنیادی نکتہ ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کو صرف اس کے موجودہ حالات کے تناظر میں نہیں دیکھا

☆☆☆☆

تعلیم کی کمی، سماجی شعور کا فقدان اور بڑھتے ہوئے جرائم

پاکستان کو درپیش سنگین سماجی مسائل میں جرائم کی بڑھتی ہوئی شرح ایک اہم چیلنج ہے۔ قتل، ڈکیتی، اغوا برائے تاوان، جنسی تشدد، گھریلو تشدد، زمینوں کے تنازعات اور دیگر سنگین جرائم آئے روز معاشرے کو متاثر کر رہے ہیں۔ اگرچہ یہ

مطلوب احمد وڑائچ

مسائل پورے ملک میں موجود ہیں، تاہم بعض علاقوں میں ان کی شدت نسبتاً زیادہ محسوس کی جاتی ہے۔ اس صورتحال کی بنیادی وجوہات کا جائزہ لیا جائے تو تعلیم کی کمی، سماجی شعور کا فقدان، قانون سے عدم آگاہی، غربت، برادری ازم اور کمزور سماجی ڈھانچا نمایاں عوامل کے طور پر سامنے آتے ہیں۔ جہاں تعلیم اور شعور کم ہو وہاں فرسودہ روایات، توہمات اور غیر قانونی رسم و رواج زیادہ مضبوط ہوتے ہیں۔ ایسے معاشروں میں قانون اور ریاستی اداروں پر اعتماد کم جبکہ برادری، طاقت اور روایتی فیصلوں پر انحصار زیادہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے بعض دیہی علاقوں میں آج بھی ونی، کاروکاری، غیر قانونی پنچایتیں، غیرت کے نام پر قتل، خواتین کو وراثت سے محروم کرنا اور دیگر غیر انسانی روایات مختلف شکلوں میں موجود ہیں۔

بعض مقامات پر تنازعات کے تصفیے کے لیے کم سن بچیوں کو ونی کے طور پر دینے جیسے واقعات سامنے آتے ہیں جبکہ کاروکاری اور غیرت کے نام پر قتل کے واقعات بھی وقتاً فوقتاً رپورٹ ہوتے رہتے ہیں۔ کئی علاقوں اور قبیلوں میں بے گناہی ثابت کرنے کے لیے انسانوں کو کوئلوں پر چلائے جانے کی روایت بھی موجود ہے۔ یہ تمام رویے اس حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ جہاں ریاستی قانون کمزور اور سماجی شعور محدود ہو، وہاں ظلم اور ناانصافی کو جواز فراہم کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

پنجاب کے بعض وسطی اضلاع، خصوصاً جھنگ، سرگودھا، چنیوٹ، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد، طویل عرصے سے زمینوں کے تنازعات، خاندانی دشمنیوں اور برادری ازم کے مسائل سے متاثر رہے ہیں۔ (جاری ہے)

منظر نامہ

دنیا کے چند چھوٹے اور گرم ترین ممالک

دنیا عجائبات سے بھری ہوئی ہے جسے مکمل دیکھنے کے لیے کئی زندگیاں بھی بہت کم ہیں۔ دنیا ایک وسیع داستان ہے، ایسی داستان جس کے ہر ورق پر ایک نیا منظر، ایک نئی تہذیب اور ایک نیا احساس بکھرا ہوا ہے، مگر اس پھیلی ہوئی کائنات میں کچھ خطے ایسے بھی ہیں جو رقبے میں تو مختصر ہیں مگر اپنے اندر ایک پوری دنیا سمیٹے ہوئے ہیں۔ حیرت ہوتی ہے کہ چند گھنٹوں کی مسافت میں آپ ایک پورا ملک دیکھ سکتے ہیں... اس کی گلیاں، اس کے پہاڑ، اس کے لوگ اور اس کی کہانیاں۔

ایسی ہی چھوٹی مگر دلکش ریاستوں میں ایک نام Liechtenstein ہے۔ اس کی آبادی تقریباً 40 ہزار ہے اور رقبہ 62 مربع میل پر مشتمل ہے۔ یہ ملک سوئٹزرلینڈ اور آسٹریا کے درمیان یورپ کے الپس پہاڑی سلسلے میں واقع ہے۔ یہاں جرمن زبان بولی جاتی ہے اور اس کا مشہور مقام وادوز کاسٹل ہے جہاں شہزادہ رہتا ہے۔ برف پوش چوٹیاں، خاموش وادیاں اور ایک پہاڑی پر کھڑا شاہی محل... جیسے وقت یہاں تھم سا گیا ہو۔ یہاں چلتے ہوئے یوں لگتا ہے جیسے آپ زمین پر نہیں، خوابوں کی کسی وادی پر قدم رکھ رہے ہوں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ دنیا کے اُن چند ممالک میں شامل ہے جہاں بے روزگاری کی شرح بہت کم ہے اور معیارِ زندگی بہت بلند سمجھا جاتا ہے۔

سان مارینو (MarinoSan)

اس کا رقبہ صرف 24 مربع میل اور آبادی تقریباً 33 ہزار ہے۔ وقت کی دھول سے بھی زیادہ قدیم ایک جمہوریہ۔ اس کی تاریخ تقریباً 1700 سال پرانی ہے۔ یہ اٹلی کے اندر واقع دنیا کی قدیم ترین جمہوری ریاستوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کے قلعے اور مینار صدیوں کی کہانیاں سناتے ہیں۔ پتھروں سے بنی تنگ گلیوں میں چلتے ہوئے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ماضی آپ کے ساتھ ساتھ چل رہا ہو اور ہر موڑ پر تاریخ آپ کو آواز دے رہی ہو۔ یہاں کا تاریخی مرکز یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے میں بھی شامل ہے۔

توالو (Tuvalu)

بحرالکاہل کے نیلے پانیوں میں بکھرا ہوا، اوشیانا کے خطے میں آسٹریلیا اور ہوائی کے درمیان واقع یہ ایک چھوٹا جزیرہ نما ملک ہے جو 9 جزیروں پر مشتمل ہے۔ اس کا کل رقبہ تقریباً 10 مربع میل ہے اور آبادی 11,400 کے قریب ہے۔ یہاں میٹھے پانی کے ذرائع نہیں اور لوگ بارش کے پانی پر انحصار کرتے ہیں۔ ماحولیاتی تبدیلی کے باعث یہ ملک آہستہ آہستہ سمندر میں ڈوبنے کے خطرے سے دوچار ہو رہا ہے۔ یہاں زمین کم ہے اور پانی زیادہ، اور ہر گزرتا دن اس سرزمین کو سمندر کے حوالے کر رہا ہے۔ یہ صرف ایک ملک نہیں بلکہ فطرت کے بدلتے مزاج کی ایک خاموش داستان ہے۔ ماہرین کے مطابق اگر سمندر کی سطح اسی رفتار سے بلند ہوتی رہی تو آنے والی دہائیوں میں توالو کو شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔

ناورو (Nauru)

ناورو اسی سمندر کے دامن میں یعنی بحرالکاہل میں آسٹریلیا کے شمال مشرق میں واقع دنیا کا تیسرا سب سے چھوٹا ملک ہے، مگر اپنی شناخت کے ساتھ کھڑا ہوا۔ اس کا رقبہ صرف 8.5 مربع میل اور آبادی 12 ہزار کے قریب ہے، یہ اتنا چھوٹا ملک ہے کہ اس کا باقاعدہ دارالحکومت بھی نہیں۔ یہ 1968ء میں آزاد ہوا اور آج بھی زیادہ تر اشیاء آسٹریلیا سے درآمد کرتا ہے۔ یہ بھی ماحولیاتی تبدیلی کے خطرات کا شکار ہے۔ یہاں زندگی سادہ ہے، زمین محدود ہے، مگر لوگوں کی ہمت وسیع۔ یہ ملک سکھاتا ہے کہ وسعت صرف رقبے میں نہیں ہوتی، حوصلوں میں بھی ہوتی ہے۔ ناورو کبھی فاسفیٹ کی دولت کی وجہ سے دنیا کے امیر ترین ممالک میں شمار ہوتا تھا مگر قدرتی وسائل ختم ہونے کے بعد اسے معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

موناکو (Monaco):

روشنیوں، دولت اور چمک دمک کا استعارہ۔ یہ فرانس کے جنوبی ساحل پر بحیرہ روم کے کنارے واقع ہے۔ اگر آپ ایک دن عیش وعشرت میں گزارنا چاہتے ہیں تو یہ بہترین جگہ ہے۔ یہاں ہر گلی میں آسائش کی خوشبو ہے، ہر منظر میں شان وشوکت کی جھلک۔ سمندر کے کنارے کھڑی یاٹس، قیمتی گاڑیاں اور جگمگاتی راتیں... یہ ایک ایسا خواب ہے جو جاگتی آنکھوں سے دیکھا جاتا ہے۔ یہ صرف 0.77 مربع میل پر مشتمل ہے مگر دنیا کے امیر ترین ممالک میں شمار ہوتا ہے۔ یہاں مشہور مونٹے کارلو کیسینو اور فارمولا ون ریسنگ ٹریک موجود ہے۔ آبادی تقریباً 39 ہزار ہے۔ یہاں زندگی مہنگی ضرور ہے مگر بہت دلکش ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ موناکو میں دنیا بھر کے ارب پتی افراد رہائش اختیار کرتے ہیں اور یہاں ٹیکس کا نظام بھی خاصا منفرد ہے۔

ویٹی کن سٹی (CityVatican)

دنیا کا سب سے چھوٹا ملک مگر روحانیت کا ایک عظیم مرکز، جس کا رقبہ صرف 0.27 مربع میل ہے۔ یہ اٹلی کے شہر روم کے اندر واقع ہے اور کیتھولک عیسائیت کا مرکز سمجھا جاتا ہے۔ یہاں پوپ رہتا ہے اور مشہور مقامات میں سسٹین چیپل اور سینٹ پیٹرز باسیلیکا شامل ہیں۔ یہاں کی آبادی تقریباً 800 افراد پر مشتمل ہے۔ یہاں خاموشی بولتی ہے، دیواریں تاریخ سناتی ہیں اور عبادت گاہوں میں ایک عجیب سا سکون اترتا ہے۔ یہ جگہ بتاتی ہے کہ عظمت کا تعلق وسعت سے نہیں، اثر سے ہوتا ہے۔ ویٹی کن کے عجائب گھر دنیا کے قیمتی ترین تاریخی اور مذہبی فن پاروں کے خزانے سمجھے جاتے ہیں۔

یہ تمام ممالک ہمیں سبق دیتے ہیں کہ زندگی کی خوبصورتی اس کے پھیلاؤ میں نہیں، بلکہ اس کی گہرائی میں ہوتی ہے۔ کچھ جگہیں چھوٹی ضرور ہوتی ہیں مگر ان میں بسنے والے احساسات بہت وسیع ہوتے ہیں، اور شاید یہی زندگی کا اصل حسن ہے کہ مختصر لمحوں میں بھی ایک مکمل دنیا بسائی جا سکتی ہے۔

اب ہم دنیا کے 10 گرم ترین ممالک کے بارے میں بات کرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ پہلے سے زیادہ گرم کیوں ہوتے جا رہے ہیں؟

دنیا کے کچھ ممالک ہمیشہ سے شدید گرمی کے لیے مشہور رہے ہیں لیکن اب کئی خطے تیزی سے مزید گرم ہو رہے ہیں۔ خاص طور پر مشرقِ وسطیٰ، افریقہ اور جنوبی ایشیا میں گرمی کی شدت خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے، جبکہ یورپ جیسے خطے، جہاں کبھی اتنی گرمی معمول نہیں تھی، اب شدید موسمی تبدیلیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ گزشتہ پندرہ برسوں میں دنیا بھر کا درجہ حرارت مسلسل بڑھا ہے، مگر ہر ملک میں اس کی رفتار اور اثرات مختلف ہیں۔ کہیں 50 ڈگری سینٹی گریڈ

1

دوبارہ اپنے قدم جمانے میں مدد مل جاتی ہے۔ گورنر مندوخیل نے یقین دلایا کہ کوئٹہ کے پرنس روڈ پلازہ کے دکانداروں کو آتشزدگی سے ہونے والے نقصانات کا ہر ممکن معاوضہ فراہم کیا جائیگا کیوں کہ اپنے شہریوں کی حفاظت اور معاونت عوامی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر حافظ احمد اللہ، نیشنل پارٹی کے سینیٹر جان محمد بلیدی اور وزیراعظم پاکستان ہوتھ ائیر ز بلوچستان کے کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی کی قیادت میں وفود سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر جان بلیدی کے ساتھ بات چیت کرت ہوئے کہا کہ یہ بات باعث فخر واطمینان ہے مکران ڈویژن کی تینوں یونیورسٹیوں کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے اور ان سے فارغ التحصیل ہونے والے گریجویٹس ملک اور صوبے کی خوشحالی اور ترقی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے جس پر سینیٹر جان بلیدی نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی بصیرت اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ بعدازاں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم پاکستان یوتھ ائیر ز بلوچستان کے کوآرڈینیٹر حیدر خان اچکزئی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں شدید غربت اور بیروزگاری کی وجہ سے مختلف مسائل کے شکار ہیں۔ آپ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کے بہتر مستقبل کیلئے اپنے حصے کا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ اکیلا انسان کچھ بھی نہیں کرسکتا لہٰذا ہم اپنی ورک کے ساتھ کئی نئی منازل طے کرسکتے ہیں

2

کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ قریبی تعاون سے برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ دونوں ممالک نے بحری انفراسٹرکچر کی ترقی اور جدید ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ وزراء نے اس امر پر زور دیا کہ مضبوط بحری اور ٹرانسپورٹ نیٹ ورک نہ صرف تجارت کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے بلکہ علاقائی روابط کو مستحکم کرنے اور طویل المدتی معاشی ترقی کی راہ ہموار کرنے میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ ملاقات میں پائیدار ترقی کے مواقع اور بحری و ٹرانسپورٹ شعبوں میں باہمی سرمایہ کاری کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ تعاون کے فروغ سے پاکستان اور ترکیہ کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم ہوگی اور خطے میں اقتصادی خوشحالی کو فروغ ملے گا۔

3

اللہ سید علی خامنہ ای، کے جنازے میں شرکت کی۔ مرحوم سپریم لیڈر 28 فروری 2026 کو ایران پر ہونے والے حملوں کے دوران جام شہادت نوش کر گئے تھے۔ وزیراعظم نے پاکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کی قیادت کی جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور دیگر اعلیٰ حکومتی حکام شامل تھے۔ اس پُرملال موقع پر وزیراعظم نے اسلام کے لیے شہید سپریم لیڈر کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کئی دہائیوں تک غیر معمولی بصیرت، حکمت اور دوراندیشی کے ساتھ ایرانی قوم کی رہنمائی کی۔ وزیراعظم نے سپریم لیڈر، آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای، صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان اور برادر عوام ایران کے ساتھ اس قومی سانحے پر مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور شہید رہنما کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی۔ سینیٹ چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت میں پارلیمانی وفد، ارکانِ پارلیمان اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی وزیراعظم کے ہمراہ جنازے میں شرکت کی۔ نمازِ جنازہ میں شرکت کے بعد وزیراعظم، جو جمعہ کو ہی تہران پہنچے تھے، اپنے سرکاری دورہ ترکیہ کے لیے استنبول روانہ ہوئے۔

4

برآمدات اور سلامتی کا احساس متاثر ہوا۔ خلیج تعاون کونسل سے باہر ایک نیا گروپ تشکیل پایا ہے جس میں سعودی عرب، قطر اور غیر خلیجی ممالک مصر، پاکستان اور ترکیہ شامل ہیں۔ اسرائیلی رپورٹس اس اتحاد کو توسیع پذیر "اسلامک نیٹو" قرار دے رہے ہیں، جو خلیجی تعاون کونسل (G C C) کے دائرے سے باہر تشکیل پا رہا ہے۔ دوسری جانب سعودی بلاک کی نئی صف بندی میں امارات واضح طور پر الگ تھلگ ہے اور اتحاد میں یو اے ای کی غیر موجودگی نمایاں ہے۔

5

ایئر پورٹ پر ترکیہ کے وزیر تجارت پروفیسر ڈاکٹر عمر بولات، ترکیہ میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر یوسف جنید اور ترکیہ کے وزارت خارجہ اور سفارت خانے کے دیگر افسران نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ بھی وزیراعظم کے ہمراہ ہیں۔ وزیراعظم، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کی دعوت پر استنبول پہنچیں ہیں، جہاں دونوں رہنما پاک۔ ترکیہ دوطرفہ تعلقات کے تمام شعبوں پر تفصیلی بات چیت کریں گے۔ ملاقات میں خاص طور پر تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر توجہ دی جائے گی۔ دونوں رہنما علاقائی امن و سلامتی سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف استنبول میں قیام کے دوران، پاکستان کی میزبانی میں منعقد ہونے والی، برنس کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے، جس میں خصوصی اقتصادی زونز (SEZs)، توانائی، آئی ٹی اور تجارتی سمیت دیگر شعبوں میں پاکستان کی تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کیا جائے گا۔ اس کانفرنس میں ترکیہ کے ممتاز کاروباری رہنما، سرمایہ کار، اعلیٰ سرکاری حکام اور دیگر معزز شخصیات شرکت کریں گی۔

6

74 ہوگئی ہے، ایک لاکھ 73 ہزار 537 افراد زخمی ہیں۔ فلسطینی نیوز ایجنسی کے مطابق غزہ کی مقامی صحت حکام نے بتایا کہ 7 اکتوبر 2023 سے جاری اسرائیلی حملوں کے باعث 24 گھنٹوں میں غزہ کے ہسپتالوں میں چار شہدا کی لاشیں لائی گئیں، جن میں سے دو افراد کی لاشیں ملبے سے نکالی گئیں، جبکہ 12 زخمیوں کو بھی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ صحت حکام نے بتایا کہ گزشتہ سال 11 اکتوبر سے نافذ جنگ بندی کے بعد اب تک ایک ہزار 59 فلسطینی شہید اور 3 ہزار 429 زخمی ہوئے ہیں، جبکہ 788 لاشیں بھی مختلف علاقوں سے برآمد کی جاچکی ہیں۔ حکام نے کہا کہ متعدد افراد اب بھی ملبے تلے اور سڑکوں پر پھنسے ہوئے ہیں، تاہم ایمبولینس اور سول ڈیفنس کی ٹیمیں مسلسل حملوں اور دشوار حالات کے باعث ان تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہی ہیں۔

7

متفرق مختلف حادثات میں مجموعی طور پر 17 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں جب کہ 41 افراد زخمی ہوئے ہیں، جاں بحق افراد میں 8 بچے، 5 مرد اور 4 خواتین شامل ہیں۔ دوسری جانب صوبہ وار اعداد و شمار میں انکشاف ہوا ہے کہ خیبر پختونخوا میں 9، پنجاب میں 4 اور بلوچستان میں 4 افراد جاں بحق ہوئے جب کہ زخمیوں میں خیبر پختونخوا کے 26، پنجاب کے 9 اور بلوچستان کے 6 افراد شامل ہیں۔

8

ریسکیو اہلکاروں کو مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے سب سے پہلے زخمیوں کو نکالا تاکہ ان کی جان بچائی جاسکے اور انہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لیے ڈوب روانہ کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ قریب ترین بڑا سرکاری ہسپتال ڈوب میں واقع ہے جو جائے وقوعہ سے 70 سے 80 کلومیٹر دور ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے کی جگہ سے 40 لاشیں نکال لی گئی ہیں مرنے والوں میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ بس پنجی کے مطابق کوئٹہ سے روانگی کے وقت بس میں 36 مسافر سوار تھے۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی نے بتایا کہ راستے میں ایک دوسری بس خراب ہونے پر ڈرائیور نے اس کے مسافروں کو بھی اسی بس میں منتقل کردیا گیا جس کے باعث مسافروں کی تعداد بڑھ گئی تھی اور زیادہ جانی نقصان ہوا۔ حادثے جس علاقے میں پیش آیا وہ پہاڑی اور غیر آباد ہے۔ حکام کے مطابق قریب سے گزرنے والی ایک پک اپ گاڑی کے ڈرائیور نے قریبی سکیورٹی چوکی پر آکر حادثے کی اطلاع دی جس کے بعد ریسکیو کا کام شروع کیا گیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی شیرانی، ڈوب اور خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان سے امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈوب نوید عالم کے مطابق ضلع کے سول ہسپتال اور ٹراما سینٹر میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی جبکہ ڈوب سے 20 ایمبولینسیں بھی جائے وقوعہ روانہ کی گئیں۔ ریسکیو 1122 ڈیرہ اسماعیل خان کے کنٹرول روم کے مطابق بلوچستان حکومت کی درخواست پر خیبر پختونخوا حکومت نے بھی امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا اور ڈیرہ اسماعیل خان سے دو ریسکیو ٹیمیں چھ ایمبولینسوں کے ساتھ روانہ کی گئیں۔ علاقے میں تعینات ایک سرکاری افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ جائے حادثہ سے کچھ فاصلے پر ایک سکیورٹی چوکی قائم ہے جہاں صوبے سے باہر جانے والی گاڑیوں اور بسوں کی چیکنگ کی جاتی ہے۔

9

بڑھتے ہوئے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے زیتون کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کی ہے، جہاں 55,669 ایکڑ رقبے پر 70 لاکھ سے زائد زیتون کے درخت کاشت کیے جاچکے ہیں، اس پیش رفت کو جدید زیتون آئل ایکسٹریکشن یونٹس، پراسیسنگ سہولیات، معیاری جانچ کی تجربہ گاہوں اور تیزی سے فروغ پاتی ویلیو چین کی معاونت حاصل ہے۔ رانا تنویر حسین نے زیتون کی کاشت، پراسیسنگ، پیکنگ اور ویلیو ایڈڈ مصنوعات میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ انویسٹمنٹ پیسیلیٹیشن کونسل اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو سوفیصد ملکی ملکیت، طویل المدتی اراضی لیز، زرعی مشینری کی ڈیوٹی فری درآمد، فیس مراعات، ترجیحی سہولیات اور ون ونڈو سہولت سمیت متعدد پرکشش مراعات فراہم کی جارہی ہیں۔ وفاقی وزیر نے پرتگالی سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کو پاکستان کے زیتون کے شعبے میں مشترکہ منصوبوں (جوائنٹ وینچرز) اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے پاکستان کو پائیدار زرعی سرمایہ کاری کے لیے ایک ابھرتی ہوئی منزل قرار دیا۔ دونوں رہنماؤں نے زرعی تحقیق، میکانائزڈ ہارویسٹنگ، زیتون کے تیل کی جدید ٹیکنالوجی، معیار کی تصدیق، ویلیو ایڈیشن اور تحقیقی اداروں کے مابین روابط کے ذریعے استعداد کار بڑھانے پر تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت، مؤثر آبی انتظام، ڈرپ اریگیشن ٹیکنالوجی اور پائیدار زمینی وسائل کے انتظام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا

10

ڈیزل کے ڈبے لیکر پشاور جا رہا تھا، ڈیزل کے ڈبے شیرانی کے مقام پر چیک پوسٹ پر پکڑے گئے تھے۔ زخمی مسافر کے مطابق ڈرائیور کی اس معاملے پر مسافروں سے مبینہ طور کلامی ہوئی، زخمی مسافر نے الزام عائد کیا کہ طور کلامی کے بعد ڈرائیور نے جان بوجھ کر کوچ کھائی میں گرادی۔ یاد رہے کہ بلوچستان کے علاقے ژوب میں بس کھائی میں گرنے سے بچوں اور خواتین سمیت 40 افراد جاں بحق ہوئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بس حادثے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

11

سلیکون ویلج (پاکستان کا سب سے بڑا انیلس فری ٹیکنالوجی پارک) اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر بزنس ڈویلپمنٹ لیجنڈل اسمارٹ سٹی، کے علاوہ ڈپوٹ ڈائی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سائنو برش ریجنل ڈویلپمنٹ فنڈ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ بھی شریک تھے۔ بورڈ آف انویسٹمنٹ کے سینئر افسران، بشمول ایڈیشنل سیکریٹری ارفا اقبال، ڈی جی محمود طفیل، اور چین کے لیے وزیراعظم کے معاون خصوصی جناب ظفر الدین بھی اجلاس میں موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع میں ان کی دلچسپی کو سراہا۔ وفد نے بھی وزیر کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے مستقبل کے تعاون پر تفصیلی گفتگو کے لیے خصوصی وقت نکالا۔

12

دینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دورے کے دوران 2025 تا 2027ء کے روڈ میپ کے تحت مشترکہ دفاعی پیداوار، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور عسکری تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا، مجوزہ تعاون میں جدید ڈرونز، مائیکرو الیکٹرانکس، آبدوز شکن اور بھاری فوجی گاڑیوں سمیت مختلف شعبے شامل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے بیلاروسی ہوابازوں کو بنیادی اور ایڈوانسڈ لیول کی پائلٹ ٹریننگ فراہم کرنے کی تجویز بھی زیر غور آئی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے دفاعی تجزیہ کار ریٹائرڈ ریئر ایڈمرل فیصل شاہ نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کی مکمل رکنیت کے بعد پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعاون سفارتی روابط سے آگے بڑھ کر صنعتی اور دفاعی شعبوں تک پھیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت مستقبل میں پاکستان، بیلاروس اور روس کے درمیان وسیع تر دفاعی تعاون کی راہ ہموار کرسکتی ہے اور پاکستان کی طویل مدتی دفاعی خودمختاری میں معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

13

۔ دونوں صوبوں کی ضلعی انتظامیہ، ایف سی، ریسکیو ادارے اور متعلقہ محکمے جائے حادثہ پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں جبکہ زخمیوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ انتظامی افسران حادثے کی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں اور واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ امدادی کارروائیوں میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت مہیا کی جائے میر سرفراز بگٹی نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

14

ہے کہ یہ معاہدہ امریکہ اور ایران کے درمیان بات چیت کے لیے اب بھی ایک فریم ورک فراہم کر رہا ہے۔ سکیورٹی کونسل کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پاکستان کے اس دیرینہ موقف کی عکاسی کرتی ہے کہ علاقائی تنازعات صرف سفارت کاری اور مذاکرات کے ذریعے ہی حل کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کا محرک علاقائی اور عالمی امن کے لیے وابستگی ہے جس کا مقصد جانیں بچانا، کشیدگی کو کم کرنا اور ایک پائیدار باہمی افہام و تفہیم اور تعمیری معاہدے کی جانب لے جانے والے منظم مذاکرات کے لیے راستہ ہموار کرنا ہے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان کی قیادت اس معاہدے کے تحت سفارتی تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے مذاکرات کرنے والے فریقین، علاقائی شراکت داروں اور دیگر ممالک کے ساتھ رابطے میں رہی۔

15

حادثے کی اطلاع ملتے ہی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ان کے اسٹاف افسر سید امین نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے متعلقہ اضلاع کی ضلعی انتظامیہ سے فوری رابطہ قائم کیا، جس کے بعد ریسکیو اور امدادی کارروائیوں کا آغاز کردیا گیا۔ دونوں صوبوں کی ضلعی انتظامیہ، ریسکیو ادارے اور متعلقہ محکمے متاثرہ افراد کی مدد اور زخمیوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی میں مصروف ہیں انہوں نے کہا کہ ابتدائی معلومات کے مطابق حادثے کا شکار بس میں اپنے مسافروں کے علاوہ ایک خراب ہونے والی دوسری مسافر بس کے مسافر بھی سوار تھے، جس کے باعث گاڑی میں معمول سے زیادہ افراد موجود تھے معاون وزیراعلیٰ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ افسران حادثے کی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں، جبکہ جاں بحق افراد کی شناخت، زخمیوں کے علاج اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن معاونت کو یقینی بنایا جارہا ہے شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس المناک سانحے پر جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور ان سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی اور حادثے کے باعث متاثرہ افراد کے لواحقین کو ہر ممکن مدد کو یقینی بنایا جائے۔

16

ہیپاٹائٹس سی جیسے متعدی امراض کی روک تھام سے متعلق اعلیٰ سطح کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر میں بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر قانون، وزیر مملکت برائے صحت مختار احمد برچہ، اٹارنی جنرل منصور اعوان، عالمی فنڈ کی نمائندہ، صحتِ عامہ کے ماہرین، ادار ادویات پاکستان کے نمائندگان اور اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ہدایت کی کہ متعدی امراض کے فوری سدباب کیلئے ملک بھر میں غیر معیاری سرنجوں کی تیاری اور استعمال پر مکمل پابندی عائد کی جائے، جبکہ خلافِ ضابطہ سرنجوں کے استعمال میں ملوث یا اس کی روک تھام میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب افراد اور اسپتالوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعدی امراض پر قابو پانے کے لیے ماہرین پر مشتمل خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے، صوبوں سے مشاورت یقینی بنانے اور وزارتِ قانون کو متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر قانونی اور ضابطہ جاتی نظام میں ضروری ترامیم تجویز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ قومی سطح پر جامع حکمت عملی کی تشکیل اور اس پر مؤثر عمل درآمد ہی اس مسئلے کا پائیدار حل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ادارہ ادویات پاکستان (ڈریپ) طبی آلات تیار کرنے والی صنعت سے مشاورت کرکے سرنجوں کے ذریعے متعدی امراض کے پھیلاؤ کی مستقل روک تھام کے لیے مؤثر پالیسی اقدامات تجویز کرے

17

عراقی اور پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف کو نشانہ بنانے کا منصوبہ تھا۔ امریکی انتظامیہ نے خدشات کے پیش نظر خطے کے بعض ممالک کے ذریعے ایران کو ممکنہ اسرائیلی کارروائی سے بھی آگاہ کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اپریل میں دورہ اسلام آباد کے دوران ایرانی حکام نے امریکا سے پاکستانی اور قطری ثالثوں کے ذریعے ایرانی وفد کو نشانہ نہ بنائے جانے کی ضمانت طلب کی تھی۔ امریکی اخبار کے مطابق پاکستانی ایئر فورس کے جہازوں نے ایرانی وفد کے جہاز کو ایران سے پاکستان اور پاکستان سے ایران تک حصار میں رکھا۔ واپسی پر ایرانی حکام نے اسرائیلی طیاروں کے عراق سے ملک میں داخل ہونے کی انٹیلیجنس حاصل کی اور اسے واپس آنے والے طیارے تک پہنچایا جس پر طیارے کو مشہد ائیر پورٹ پر اتار لیا گیا تھا، واقعے کی باقر قالیباف کے سینئر معاون محمد مراٹھی نے بھی تصدیق کی تھی۔

18

گیا کہ یہ ابتدائی اعداد و شمار صرف الیکٹرانک ڈیٹھ سرٹیفکیٹس پر مبنی ہیں اس لیے حتمی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوسکتی ہے۔ فراسیمی وزیر صحت سنیفنی رسٹ نے کہا کہ اضافی اموات کا زیادہ تر بوجھ 45 برس سے زائد عمر کے افراد پر پڑا جبکہ 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ انھوں نے بتایا کہ گھروں میں ہونے والی اموات میں سب سے نمایاں اضافہ دیکھا گیا جو گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 91 فیصد زیادہ تھیں۔ نرسنگ ہومز میں اموات 37 فیصد اور اسپتالوں میں تقریباً 20 فیصد بڑھ گئیں۔ دارالحکومت پیرس اور اس کے گرد و نواح کا علاقہ سب سے زیادہ متاثر رہا، جہاں اموات میں تقریباً 62 سے 63 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ شدید گرمی کے باعث ایمرجنسی وارڈز میں ہیٹ اسٹروک، پانی کی کمی، گردوں کی خرابی اور دل کے امراض کے مریضوں کی تعداد بھی غیر معمولی طور پر بڑھ گئی، جبکہ بعض علاقوں میں مردہ خانوں پر بھی دباؤ بڑھنے کی اطلاعات سامنے آئیں۔ 24 جون کو فرانس میں ملکی اوسط درجہ حرارت کی بنیاد پر تاریخ کا گرم ترین دن ریکارڈ کیا گیا۔

19

تاجر ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث تین مبینہ ملزمان کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقامی تاجر اور ہوٹل مالک محمد ہاشم نورزئی کو 27 جون کی صبح ہلیلی کے قریب گاڑی سوار نامعلوم افراد نے قتل کردیا تھا۔ صوبائی حکومت نے یہ کیس سیریس کرائم انویسٹیگیشن ونگ کے حوالے کیا تھا، سیریس کرائم انویسٹیگیشن ونگ ایک ہفتے کی جدوجہد کے بعد ہاشم نورزئی کے قتل میں ملوث تین مبینہ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار تینوں مبینہ ملزمان سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ کے رہائشی ہیں۔ پولیس نے مقامی تاجر کے قتل کی واردات میں استعمال ہونے والی گاڑی بھی برآمد کرلی گئی ہے۔ پولیس نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ لین دین کے معاملے پر ہوا جرم قتل کیا گیا۔

20

کہ امریکا دہشتگرد حملوں کے خلاف پاکستان کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ امریکی محکمہ دفاع نے یہ بھی کہا کہ پاکستانی عوام کو دہشت گردوں کے ہاتھوں بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑا ہے۔

21

اور خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقے دانہ سر میں مسافر بس کے المناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ اس حادثے میں 40 افراد کے جاں بحق ہونے کا واقعہ واقعی ایک بڑا سانحہ ہے۔ میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ تیز رفتاری، اوور لوڈنگ اور بے احتیاطی کے باعث ایسے خطرناک حادثات رونما ہوتے ہیں۔ لہٰذا ڈرائیور حضرات گاڑیوں کی بروقت مرمت کو یقینی بنائیں اور ٹریفک قوانین کے مطابق گاڑی چلائیں تاکہ محفوظ سفر کے ذریعے خود کو اور مسافروں کو ہر قسم کے حادثات سے بچایا جاسکے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر ریسکیو ٹیموں نے بروقت کارروائی کی ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔

22

اور نہ ذاکرات کی راہ اپنائیں مذاکرات ہی مسائل کا حل ہے اور امن قائم، بے روزگاری کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔ میر صادق عمرانی نے کہا کہ "ہم کابینہ کے رکن ہیں۔ ہم وزیراعلیٰ کی پالیسوں سے اختلاف نہیں کرسکتے۔ اگر میں یہ کہوں کے امن امان نسلی بخش ہے تو اس سے عوام کی پر حالت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اگر عوام یہ محسوس کریں کہ وہ آزادانہ طور گھوم پھر سکتے کاروبار میں کوئی رکاوٹ نہیں تو پھر یقین کیا جاسکتا ہے لیکن میں ذاتی طور امن امان کو غیر نسلی بخش سمجھتا ہوں۔ صادق عمرانی نے مزید کہا کہ ان سمیت لوگوں کو دھمکیاں دی جارہی ہیں لیکن یہ نہیں بتا سکتا کہ کون اور کہاں سے دھمکیاں دے رہا ہے؟ اسمبلی فلور پر میں واضح طور پر کہا کہ عوامی نمائندوں سمیت کوئی شہری محفوظ نہیں اور وہ اسمبلی میں کئی تقریر اب بھی قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور سیکورٹی ادارے صوبے میں امن وامان قائم کرنے کے حوالے سے ایک پیج پر ہیں۔

23

کے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے زخم پھر تازہ کر دیے۔ صدر ٹرمپ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بھارت نے درمیان جنگ میں 11 طیارے گرائے گئے۔ امریکی صدر نے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان ایٹمی جنگ روک کر 3 کروڑ جانیں بچائیں، پاکستانی وزیراعظم نے کہا کہ میں نے جنگ روک کر 3 کروڑ افراد کو بچایا۔ اس کے علاوہ صدر ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل میں ان کی مقبولیت 99 فیصد تک تھی، سمجھ سے بالا ہے کہ کوئی یہودی ڈیموکریٹ کو ووٹ کیسے دے سکتا ہے۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کی بات کئی بار دہرا چکے ہیں۔ ہر بار یہ بات سن کر مودی سرکار کو سخ پا ہوجاتی ہے اور ساتھ ہی بھارتی حزب اختلاف کانگریس کو مودی جی کا مذاق اڑانے کا پھر موقع مل جاتا ہے۔

24

د 2,595 تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاکویرا ریاست میں تقریباً تمام سرکاری اہلکار زلزلوں میں جان کی بازی ہار گئے ہیں جبکہ زلزلے کے باعث 189 عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہوگئی ہیں۔ وینزویلا کی عبوری صدر کے مطابق سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن جاری ہے اور امدادی کارروائیاں ابھی ختم نہیں کی گئیں۔ روڈریگز نے مزید کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر 20 کروڑ ڈالرز کا تعمیر نو فنڈ قائم کیا جارہا ہے جس سے جاری ہونے والی رقم گھروں کی تعمیر کے لیے استعمال کی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ آئی ایم ایف اور عالمی بینک نے مالی امداد اور قرض کی پیشکش کی ہے۔

25

۔ دونوں صوبوں کی ضلعی انتظامیہ، ایف سی، ریسکیو ادارے اور متعلقہ محکمے جائے حادثہ پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں جبکہ زخمیوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ انتظامی افسران حادثے کی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں اور واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ امدادی کارروائیوں میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے، زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور متاثرہ خاندانوں کو ہر ممکن معاونت مہیا کی جائے میر سرفراز بگٹی نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

26

گارنٹی واپس کرنے کا حکم کالعدم قرار دے دیا جبکہ ٹی سی پی کی جانب سے پرفارمنس گارنٹی ضبط کرنا عمل طور پر قانونی قرار دے دیا۔ فیصلے میں عدالت نے ریمارکس دیے کہ عدالتیں تجارتی معاہدوں میں دی گئی شرائط کا احترام کریں، تجارتی لین دین میں پرفارمنس گارنٹی سزا نہیں بلکہ معاہدے کی تحمیل کی ضمانت ہوتی ہے۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ معاہدے کی خلاف ورزی پر پرفارمنس گارنٹی ضبط کی جاسکتی ہے، وقت کی پابندی معاہدے کا بنیادی جزو ہوتی ہے۔ بار بار مہلت ملنے کے باوجود کمپنی یوریا سپلائی نہ کرسکی۔ عدالت نے کمپنی کا 34 لاکھ 65 ہزار ڈالر ہرجانے کا دعویٰ بھی مسترد کر دیا، عدالت نے قرار دیا کہ کاروباری خطرات کا بوجھ دوسرے فریق پر منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ کمپنی کی اپنی تجارتی حکمت عملی نقصان کی وجہ بنی۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں کہا کہ پرفارمنس گارنٹی سزا نہیں بلکہ معاہدے کی تحمیل کی ضمانت ہوتی ہے

27

تاجروں اور صنعتکاروں کی تجاویز کو مدنظر رکھا گیا ہے، جبکہ آئندہ بجٹ کے لیے بھی ابھی سے مشاورت کا عمل شروع کیا جائے گا اور ملک بھر کے کاروباری حلقوں سے ت

اسلام آباد: سینیٹر دلاور خان، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ (آئی پی سی) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معذور افراد پر ترس کھانے کے بجائے انہیں بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے' سیف اللہ کھیتران

معاشرے کے تمام طبقات کی ذمہ داری ہے کہ وہ خصوصی افراد کے حقوق کا احترام کریں

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ خصوصی افراد (معذور افراد) معاشرے کا ایک باصلاحیت اور قابلِ احترام حصہ ہیں۔ حکومت بلوچستان خصوصی بچوں اور معذور افراد کو زندگی کے ہر شعبے میں مساوی مواقع فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ وہ بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معاشرے (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

دکی میں بارتیوں کی گاڑی کو حادثہ ایک شخص جاں بحق متعدد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں بارتیوں کی گاڑی کو حادثہ ایک شخص جاں بحق متعدد زخمی ہوگئے۔ اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کے مطابق جمعہ کو دکی کے علاقے مندے تک کے مقام پر لورالائی سے دکی جانے والی (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تمام سرکاری و نجی اسکولوں میں جسمانی سزا پر مکمل پابندی عائد

کسی بھی استاد یا ملازم کو طلبہ پر جسمانی سزا یا تذلیل آمیز سلوک کی اجازت نہ دی جائے' ڈائریکٹر ایجوکیشن اسکولز

خلاف ورزی کرنے والے اساتذہ، منتظمین اور دیگر ذمہ داران کے خلاف سخت محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لانے کا بھی اعلان

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ تعلیم بلوچستان نے صوبے کے تمام سرکاری اور نجی اسکولوں میں طلبہ کو جسمانی سزا دینے پر مکمل پابندی عائد کر دی، خلاف ورزی کرنے والے اساتذہ، منتظمین اور دیگر ذمہ داران کے خلاف سخت محکمانہ اور قانونی کارروائی عمل میں لانے کا بھی اعلان۔ ڈائریکٹر ایجوکیشن (اسکولز) بلوچستان کی جانب سے تمام ضلعی تعلیمی افسران، نجی اسکولوں کے ڈائریکٹرز، پرنسپلز اور مالکان کے نام جاری کردہ سرکلر میں (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا ریسکیو اور ریلیف آپریشن بھرپور انداز میں جاری

زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے سرحدی علاقے دانہ سر میں پیش آنے والے مسافر بس حادثے کے فوری بعد حکومت بلوچستان کا ریسکیو اور ریلیف آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے۔ پی ڈی ایم اے، محکمہ صحت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور ریسکیو اداروں کی ٹیمیں جائے حادثہ پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں

نیشنل پارٹی کی رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ کو براہوئی اکیڈمی کا دورہ کے موقع پر اکیڈمی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم سوسن براہوئی سے کتابوں کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

پنجگور ڈمب پنچی روڈ دودھاری تلوار بن چکا ہے' عوامی حلقے

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ پنجگور ڈمب پنچی روڈ دودھاری تلوار بن چکا ہے اس پر سفر کرنے والے تو کٹ رہے ہیں مگر متعلقہ محکمہ ٹس سے مس نہیں ہو رہا اس بدقسمت روڈ کو کوئی بھی پارٹی اون (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

گنداخہ کی ترقی کا نیا دور شروع، میونسپل کمیٹی کے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز شفاف انداز میں مکمل

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا' ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی، چیف آفیسر غلام سرور رند اور وائس چیئرمین شہروز جمالی کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی گنداخہ کی مختلف ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرز کا مکمل شفافیت، میرٹ اور تمام قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بخیر و عافیت اختتام پذیر ہو گیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران، ٹھیکیداروں، بلدیاتی نمائندوں اور دیگر متعلقہ افراد نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبیر احمد کو بجلی کے بل میں 418 یونٹس کا ریلیف دلوا دیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبیر احمد کو بجلی کے بل میں 418 یونٹس کا ریلیف دلوا دیا گیا۔ درخواست گزار کبیر احمد نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں دائر اپنی درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ کیسکو کی جانب سے انہیں غیر منصفانہ (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

سپرنٹنڈنٹ پولیس نے کا انسپکٹر محمد قاسم کیخلاف مبینہ کرپشن کے الزامات کی باقاعدہ انکوائری کا حکم

کوئٹہ (این این آئی) ضلع حب کے سپرنٹنڈنٹ آف پولیس نے معطل ایس ایچ او پولیس اسٹیشن گڈانی انسپکٹر محمد قاسم کے خلاف مبینہ کرپشن کے الزامات کی باقاعدہ انکوائری کا حکم دیتے ہوئے ڈی ایس پی/ایس ڈی پی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

بس حادثہ: بلوچستان حکومت نے متعلقہ کمپنی کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے کمپنی کا دفتر سیل کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اور خیبر پختونخواء کے سرحدی علاقے دانہ سر میں بس حادثے کے بعد متعلقہ ٹرانسپورٹ کمپنی کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق دانہ سر میں نیو مینجر ٹرانسپورٹ کمپنی کے حادثے کے بعد بلوچستان حکومت نے متعلقہ کمپنی کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے کمپنی کا دفتر سیل کر دیا تاہم اب تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی جبکہ مزید کارروائی جاری ہے۔

اگر اللہ سے تعلق مضبوط ہو پھر ارشادات نبوی پر عمل کرنے کو جی چاہتا ہے' عبدالقدیر اعوان

معاشرے میں غلطیاں اس حد تک بڑھ گئی ہیں جس سے معاشرے میں تکلیف کی صورت پیدا ہو گئی ہے

کوئٹہ (پ ر) معاشرے میں غلطیاں اس حد تک بڑھ گئی ہیں جس سے معاشرے میں تکلیف کی صورت پیدا ہو گئی ہے۔ زندگی کا ڈھیر جہاں بھی ہوتا ہے وہاں تعفن ہی پھیلتا ہے اور بدبو آتی ہے ایسی جگہ رہنا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ جب بھی اپنی عملی زندگی کے امور کو دیکھیں اگر خود کو امتحان میں دیکھیں تو اپنے قول و فعل کو ضرور جانچیں کہ ان کے پیچھے جو میری نیت ہے وہ کیا (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

فزیوتھراپسٹس کی رہنمائی ہمارا مشترکہ مشن ہے' ڈاکٹر محمد حاشر

ڈاکٹر بدر یاسین کی خدمات قابلِ فخر، شیلڈ آف اپریسی ایشن پیش، مشترکہ مشن پر اتفاق

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان فزیوکلب کے بانی ڈاکٹر محمد حاشر نے سندیمان پروونشل ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ فزیوتھراپی کے سربراہ ڈاکٹر بدر یاسین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر فزیوتھراپی کے شعبے کی ترقی، طلبہ اور نوجوان فزیوتھراپسٹس کی عملی تربیت، پیشہ ورانہ رہنمائی اور شعبہ صحت میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں ڈاکٹر بدر یاسین کو شیلڈ آف اپریسی ایشن پیش کی گئی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد حاشر نے کہا کہ ڈاکٹر بدر یاسین نے بطور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ فزیوتھراپی اپنی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

تھری ایم پی او کے تحت وارنٹ کے حکومتی اقدام کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع زیارت کے سیاسی جماعتوں کے چار رہنماؤں کے خلاف بلوچستان پبلک میٹینگس آرڈیننس 1960 (تھری ایم (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

محفلِ ذکرِ حضرت امام حسینؓ کا عظیم الشان روحانی و مذہبی اجتماع 5 جولائی کو منعقد ہوگا

محفل میں پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت حضرت سید حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی قادری خصوصی خطاب کریں گے

جعفر آباد (نامہ نگار: مقصود احمد مہر) درگاہ سید حسین علی شاہ جیلانی قادری، سوہو کنا سرہ، خیرپور میرس (سندھ) میں محفلِ ذکرِ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عظیم الشان روحانی و مذہبی اجتماع 5 جولائی کو منعقد ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق یہ بابرکت اجتماع بروز اتوار 5 جولائی 2026ء صبح 8 بجے درگاہ سید حسین علی شاہ جیلانی قادری، سوہو کنا سرہ، ضلع خیرپور میرس (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

تجارت بند کرنے کی سرکاری روش نے باعزت روزگار کرنیوالوں کو نان شبینہ کا محتاج بنا دیا ہے' پشتونخوا نیپ

ناانصافی، نظر اندازی کی اس صورتحال میں ٹیکس چھوٹ کا خاتمہ کرنا کھلی پشتون دشمنی کے سوا کچھ نہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ سابق فاٹا کے اضلاع اور صوبائی فاٹا، مالاکنڈ ڈویژن اور اسی طرح برٹش بلوچستان چیف کمشنر صوبہ، ژوب، لورالائی، شیرانی، قلعہ سیف اللہ، موسیٰ خیل، بارکھان، دکی، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، نوشکی، چاغی کو زمانوں سے ٹیکس استثنیٰ حاصل تھا اسے بیک جنبش قلم ختم کرنے کی کارروائی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، الخدمت فاؤنڈیشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل وقاص جعفری، جماعت اسلامی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں جماعت اسلامی والخدمت فاؤنڈیشن ذمہ داران اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مشکل حالات میں مستحق خاندانوں کا سہارا بننا ایک عظیم انسانی خدمت ہے' خالد خان

غریب، نادار اور بے سہارا بیواؤں میں اشیائے خورد و نوش کی تقسیم ایک خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے'

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا ہے کہ غریب، نادار اور بے سہارا بیواؤں میں اشیائے خورد و نوش کی تقسیم ایک خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے، ضلع انتظامیہ ایسے فلاحی اقدامات کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی جاری رکھے گی تاکہ مستحق اور ضرورت مند خاندانوں کو ان کی دہلیز پر بروقت امداد کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع جعفر آباد میں ایک مقامی این جی او کی جانب سے مستحق بیواؤں میں راشن تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ معاشرے کے مخیّر حضرات، (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

خصوصی افراد معاشرے کا ایک باصلاحیت اور قابلِ احترام حصہ ہیں' سیف اللہ کھیتران

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ خصوصی افراد (معذور افراد) معاشرے کا ایک باصلاحیت اور قابلِ احترام حصہ ہیں۔ حکومت بلوچستان خصوصی بچوں اور معذور افراد کو زندگی کے ہر شعبے میں مساوی (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

منشیات کی لعنت کے خاتمے کیلئے متعلقہ ادارے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں' محمد زمان

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس محمد زمان نے منشیات کے خاتمے کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لیے متعلقہ ادارے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔

ڈی آئی جی کوہِ سلیمان سے سینئر صحافیوں کے وفد کی ملاقات

منشیات نوجوان نسل کے مستقبل کیلئے ایک سنگین خطرہ ہیں' ایاز احمد بلوچ

رکھنی (خ ن) ڈی آئی جی کوہِ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ سے سینئر صحافیوں کے ایک وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں نواب خان کھیتران (پبلک نیوز)، قیصر خان کھیتران (جیو نیوز)، یعقوب کھیتران (کوہ نور نیوز)، شیر احمد کھیتران (پی ٹی وی نیوز) اور میر شبجان کھیتران (24 نیوز بلوچستان) شامل تھے۔ ملاقات کے دوران رکھنی اور (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

بارکھان، رکھنی، ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ سینئر صحافیوں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

جمعیت گنداخہ کا مدرسہ دارالعلوم علی المرتضیٰ میں ہنگامی مشاورتی اجلاس

گستاخوں کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی اور کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا' امیر مولانا امان اللہ حقانی

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی صدارت میں مدرسہ دارالعلوم علی المرتضیٰ گنداخہ میں ایک ہنگامی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں باغ ٹیل کے علاقے میں سوشل میڈیا پر حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی شان میں مبینہ گستاخانہ مواد کی اشاعت کے واقعے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں واقعے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ گستاخوں کیخلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

حج 2027 کی پیشگی رجسٹریشن میں صوبے کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے' مولانا عبدالرحمٰن رفیق

عوام الناس خصوصاً وہ افراد جن پر حج فرض ہو چکا ہے بروقت رجسٹریشن کے مراحل مکمل کر سکیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ خس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی، حاجی نعمت اللہ خان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی مخدوش صورتحال، شرح (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

عوام کو سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائیگی' جمعہ داد مندوخیل

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب، کیپٹن (ر) جمعہ داد مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کو سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور مقررہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

ڈپٹی کمشنر کوہلو سے سپرنٹنڈنٹ انجینئر کیسکو لورالائی سرکل شبیر احمد ترین کی ملاقات

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ سے سپرنٹنڈنٹ انجینئر کیسکو لورالائی سرکل شبیر احمد ترین نے ملاقات کی، جس میں ضلع میں بجلی کی فراہمی، لوڈشیڈنگ کے مسائل، واٹر سپلائی اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے سٹی فیڈرز اور پی ایچ ای کے انڈر پینڈنٹ فیڈر پر بجلی کی فراہمی کے دورانیے میں مزید دو گھنٹے اضافے کا فیصلہ کیا گیا

گنداخہ میں پائپ لائینوں میں کمپریشر مشین لگا کر گندا پانی کچرہ نکال کر گیس مکمل طور بحال کر دی

ڈیرہ اللہ یار کے عوامی حلقوں کی سوئی گیس عملہ کے بہترین کاوشوں پر تعریف

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) بلوچستان آبزرور کی خبر کا اثر حالیہ دنوں عوامی حلقوں کی جانب سے ڈیرہ اللہ یار کے مختلف محلوں میں گیس نہ چلنے کی خبر شائع ہونے کے بعد ڈیرہ اللہ یار سوئی گیس عملہ نے شہر کے مختلف محلوں کے گلیوں میں گیس پائپ لائینوں میں کمپریشر مشین لگا کر لائینوں میں موجود گندا پانی کچرہ نکال کر گیس مکمل طور بحال کر دی جس کی وجہ سے شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی جبکہ شہریوں نے سوئی گیس عملہ کے بہترین کاوشوں پر ان کی تعریف کی ہے

حاجی علی مدد جتک کے فنڈز سے کلی رسالدار کے مختلف علاقوں میں جدید اسٹریٹ لائٹس نصب کر دی گئیں

قلعہ رسالدار سمیت پورا سریاب مزید ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما خادمِ سریاب صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کے ترقیاتی فنڈ سے کلی رسالدار کے مختلف علاقوں میں جدید اسٹریٹ لائٹس نصب کر دی گئی ہیں۔ اس ترقیاتی منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں روشنی کا مؤثر نظام قائم ہوا ہے، جس سے شہریوں کو رات کے وقت آمد و رفت میں سہولت میسر آئے گی، (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

فرانس میں ہیٹ ویو کے باعث سپر مارکیٹس میں پنکھے اور اے سی خریدنے کیلئے جھگڑے ہونے لگے

پیرس (این این آئی) فرانس میں شدید گرمی کی لہر کے دوران سپر مارکیٹس میں خریدار پنکھوں اور پورٹیبل ایئر کنڈیشنرز کے حصول کیلئے آپس میں الجھ پڑے جس کے باعث صورتحال قابو میں لانے کے لیے طلب کرنا پڑا۔

مولانا عبدالواسع کا جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلسِ عاملہ کا ایک اہم ہنگامی اجلاس

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلسِ عاملہ کا ایک اہم ہنگامی اجلاس آج 4 جولائی (ہفتہ) شام 4 بجے صوبائی سیکرٹریٹ، جناح ٹاؤن، کوئٹہ میں طلب کر لیا ہے۔ اجلاس میں (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

شیرانی بس حادثہ: قومی سانحہ قرار دیکر ذمہ داروں کا تعین اور ٹرانسپورٹ نظام میں فوری اصلاحات کریں' عبدالقادر

یہ سانحہ بلوچستان کے سرکاری صحت کے نظام کی کمزوریوں کو بھی بے نقاب کرتا ہے

تحقیقاتی رپورٹ کو منظر عام پر لایا جائے اور ذمہ دار افراد و اداروں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے بلوچستان کے ضلع شیرانی کے علاقے دانہ سر کے قریب پیش آنے والے المناک بس حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک سانحہ پورے ملک کے لیے باعثِ صدمہ ہے۔ اس حادثے میں کم از کم 40 افراد جاں بحق جبکہ 16 سے زائد شدید زخمی ہوئے، جو ایک ناقابلِ تلافی قومی نقصان ہے۔ یہاں جاری (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

نوکنڈی ریلوے اسٹیشن منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ بن گیا

عوامی مقامات پر اس طرح کھلے عام منشیات کا استعمال جاری رہا تو نوجوان نسل کے لیے غلط مثال قائم ہوگی

نوکنڈی (نامی نگار/ظفر بلوچ)، نوکنڈی ریلوے اسٹیشن منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ بن گیا زیر تصویر نظر آنے والے افراد نہ تو کسی سفر کے انتظار میں بیٹھے ہوئے مسافر ہیں اور نہ ہی روزگار یا مزدوری کی غرض سے یہاں موجود ہیں، بلکہ یہ منشیات کے عادی افراد ہیں جو بازار نوکنڈی کی حدود میں واقع ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں کھلے عام نشہ کرتے ہوئے (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

نوکنڈی ریلوے اسٹیشن منشیات کے عادی افراد کی آماجگاہ بن گیا

حفاظتی ٹیکہ جات کے نظام کو مزید مضبوط بنانا حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے' ریحان حفیظ

شرکاء کو مختلف اضلاع میں جاری سرگرمیوں، حاصل شدہ نتائج اور مستقبل کے اہداف سے متعلق بریفنگ بھی دی گئی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی کوآرڈینیٹر توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) ڈاکٹر آفتاب کاکڑ کی زیرِ صدارت Strengthening Project Immunization Routine (SRIP) کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ماہانہ جائزہ اجلاس (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

زہریلے پانی سے سبزیوں کی غیر قانونی کاشت کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن

ڈائریکٹر آپریشنز کی سربراہی میں کارروائی کے دوران صرف فصلوں کو ہی تلف نہیں کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے سیوریج کے زہریلے پانی سے سبزیوں کی غیر قانونی کاشت کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن کا سلسلہ مسلسل دوسرے روز بھی جاری رکھتے ہوئے نیو سبزل روڈ کے مختلف مقامات میں بڑی کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران تقریباً 33 ایکڑ اراضی پر موجود گوبھی، پودینہ، دھنیا، چقندر اور سلاد کی تیار اور زیرِ کاشت فصلوں کو ٹریکٹر چلا کر مکمل طور پر تلف کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر آپریشنز کی سربراہی میں کارروائی کے دوران صرف فصلوں کو ہی تلف نہیں کیا گیا بلکہ سیوریج کے گندے پانی سے فصلوں کو سیراب کرنے کے لیے استعمال (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

قلعہ سیف اللہ، ڈپٹی کمشنر ساگر کمار بی آئی ایس پی کے سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

کوئٹہ سرینا ہوٹل میں تیسری بلوچستان ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس

ضلعی قیادت اور اہم اسٹیک ہولڈرز کی موجودگی میں ڈویژن اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (خ ن) تیسری بلوچستان ہیلتھ لیڈرشپ کانفرنس آج کوئٹہ سرینا ہوٹل میں شروع ہوئی، جس میں صوبے بھر سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (DHOs)، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس (MS) اور پی پی ایچ آئی کے ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجرز (DSM) نے شرکت کی تاکہ ضلعی اور ہسپتال سطح پر صحت کے نظام کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے۔ افتتاحی اجلاس سے سیکرٹری صحت مسٹر مجیب الرحمٰن نے خطاب کیا، جنہوں نے دو روزہ کانفرنس کے مقاصد پر روشنی ڈالی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کا مسافر بس حادثے کے بعد حکومت خیبر پختونخوا، ضلعی انتظامیہ ڈیرہ اسماعیل خان اور ریسکیو 1122 کی ٹیموں کا شکریہ

حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے' شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے دانہ سر کے مقام پر پیش آنے والے المناک مسافر بس حادثے کے بعد فوری اور مؤثر ریسکیو کارروائیوں پر حکومت خیبر پختونخوا، ضلعی انتظامیہ ڈیرہ اسماعیل خان اور ریسکیو 1122 کی ٹیموں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ حادثے کی اطلاع (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ماہی گیروں کے حقوق اور ان کیلئے مختص سرکاری اراضی کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائیگا' مولانا ہدایت الرحمان

فشریز کالونی اور دیگر سرکاری اراضی واگزار کرانے، ناجائز تجاوزات کے خاتمے اور ماہی گیروں کو رہائشی سہولتوں کی فراہمی کے لیے اقدامات تیز

گوادر کے مونڈی کے علاقے میں بعض افراد نے سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضے قائم کر رکھے ہیں' امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی موجودگی میں ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیرِ صدارت فشریز کالونی اور دیگر سرکاری اراضی پر قائم ناجائز تجاوزات کے خاتمے، قبضہ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائی اور ماہی گیر برادری کو رہائشی سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ظہور بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

حجاج کرام کی خدمت بہترین سعادت ہے۔ سید امان شاہ

دانش عفان حج گروپ نے بہترین خدمات سے پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا صوبائی کنوینئر اے پی پی

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینئر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ الخیر حج گروپ کی شاندار کامیابی اور عالمی سطح پر حاصل ہونے والے اعزازات پوری قوم بالخصوص پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ ادارے نے حجاج کرام کی خدمت، دیانت داری، شفاف انتظامات اور اعلیٰ معیار کے ذریعے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر اخلاص، محنت اور خدمت کا (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

حب، ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان ایل پی جی گیس فروخت کرنے والے دکانداروں کے ساتھ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈھوری شاخ میں پانی کی شدید قلت، شالی کا بیج جلنے لگا، فوری پانی فراہم کیا جائے، میر صفی اللہ خان رخشانی

کسانوں کو بروقت آبپاشی کی سہولت فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے

گنداخہ (نامہ نگار) تحصیل گنداخہ کی ڈھوری شاخ کے معروف زمیندار میر صفی اللہ خان رخشانی نے کہا ہے کہ باغ ہیڈ سے نکلنے والی ڈھوری شاخ میں پانی کی شدید قلت کے باعث علاقے کے زمینداروں اور کسانوں میں سخت تشویش پائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شالی "دھان" کی کاشت کا اہم سیزن جاری ہے، مگر نہری پانی کی عدم فراہمی کے باعث تیار شدہ شالی (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

کھیرتھر کینال میں زرعی پانی کی قلت شدت اختیار کر چکی ہے' میر حسن شہلیانی

زرعی پانی نا ہونے سے بیج کو بڑا نقصان ہو رہا ہے اور مال مویشی بھی پیاس سے مر رہے

اوستا محمد (منظور احمد قمبرانی) معروف زمیندار میر حسن خان شہلیانی میر خالد خان جمالی علی بخش جمالی ظفر اللہ شہلیانی عمران خان جمالی ناصر جمالی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کھیرتھر کینال میں زرعی پانی کی قلت شدت اختیار کر چکی ہے جبکہ ہمارا علاقہ زراعت سے وابستہ ہے زرعی پانی نا ہونے سے بیج کو بڑا نقصان ہو رہا ہے اور مال مویشی بھی پیاس سے مر رہے علاقے کے زمیندار اور کاشتکار سخت پریشان ہیں روایت کے مطابق اس سال بھی سندھ حکومت کی (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

اوستا محمد، معروف زمیندار میر حسن خان شہلیانی میر خالد خان جمالی علی بخش جمالی ظفر اللہ شہلیانی عمران خان جمالی ناصر جمالی و دیگر کھیرتھر کینال میں زرعی پانی کی کمی کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوام کے لیے کی جانے والی عوامی خدمات کو سالوں تک عوام یاد رکھتے ہیں

عوامی خدمات وعلاقے کی بہتری کیلئے کئے جانے والے کاموں کو کبھی بھی بھولا یا نہیں جا سکتا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) معاشرے میں اج بھی کچھ ایسی سیاسی وسماجی شخصیات آفیسران موجود ہیں جن کی طرف سے اپنے علاقے کی عوام کے لیے کی جانے والی عوامی خدمات کو سالوں تک بھی عوام یاد رکھتے ہیں وہ عوام کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں ان شخصیات و (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

ژوب' بچوں کی نشوونما اور بہبود میں والدین کا کردار کے حوالے سے ضلع ژوب میں سیمینار

والدین کو بچے کی پیدائش سے لیکر پانچ سال بچوں کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دینی چاہیے

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) بچوں کی نشوونما اور بہبود میں والدین کا کردار کے حوالے سے ضلع ژوب میں سیمینار کا انعقاد پیرنٹنگ ماہ سیمینار کا انعقاد گزشتہ روز ڈسٹرکٹ نیوٹریشن پروگرام بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ (یونیسیف) کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا سیمینار میں ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینی